7-8-9
1962

جولائی تا ستمبر 1962

13
1

جولائی اگست ستمبر 62

خلافت لائبریری ربوہ



المنار

تعلیم الاسلام کالج ربوہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَمِمَّنْ خَلَقْنَا أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ (الاعراف)

"بخرام کہ وقتِ تو نزدیک رسید و پائے محمدیاں بر منار بلند تر محکم افتاد"

روشنی اور رفعت کا نشان

المنار

تعلیم الاسلام کالج ربوہ

علم و عمل

سرپرست:- صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب پرنسپل

نگران:- چوہدری محمد شریف خالد

مدیر:- رشید احمد جاوید

جولائی، اگست، ستمبر ۱۹۶۲ء

جلد ۱۳ شمارہ ۱

پرنٹر و پبلشر:- جنید ہاشمی - مطبع:- ضیاء الاسلام پریس - سرورق:- نصرت آرٹ پریس

ربوہ

ترتیب

٥ اداریہ	مدیر	۳
٥ ایرانی رسم الخط	سجاد امام ایم۔ اے	۹
٥ خدا کی تحقیق اور اس کے ذرائع	پروفیسر حبیب اللہ خان ایم۔ ایس سی	۱۲
٥ احساس کمتری	محمد علی اولڈ بوائے	۱۸
٥ دنیا کا سب سے بڑا جرنیل	چوہدری محمد نواز ایف۔ اے سال دوم	۲۱
٥ تعلیم الاسلام کالج گھٹیالیاں (تعارف)	پروفیسر محمد عثمان ایم۔ اے	۲۲
٥ ڈگمگاتے ہوئے قدموں کو سہارا نہ ملا (افسانہ)	زرتشت منیر احمد خان	۲۳
٥ موجوں کی سیاست سے مایوس نہ ہو اے دل (افسانہ)	رشید جاوید	۲۵
٥ ناقابل فراموش	انعام اللہ ہاشمی بی۔ اے سال اول	۳۷
٥ کفرانِ نعمت (افسانہ)	سیف الزمان ایف۔ اے سال دوم	۳۹

حصہ نظم

٥ دینِ محمدؐ	حضرت بانی سلسلہ احمدیہ	۴۱
٥ آنکہ در خوبی ندارد ہمسرے	" " "	۴۲
٥ وردِ اسلام	حضرت امام جماعت احمدیہ	۴۳
٥ غزل	پروفیسر محمد شریف خالد	۴۴
٥ غزل	شیخ روشن دین تنویر	۴۵
٥ غزل	قاضی محمد ظہور الدین صاحب اکمل	۴۵
٥ غزل	ارشد ترمذی	۴۶
٥ چراغِ شب	ہدایت اللہ ہادی	۴۷
٥ زخمی یاد	نعیم قدسی	۴۵
٥ غزل	عبدالسلام اختر	۴۸

اداریہ

تعلیمی اصلاحات

اس فرصت میں ہم ایک ایسے موضوع پر قلم اٹھا رہے ہیں جس پر تا دمِ تحریر بہت کچھ لکھا اور کہا جا چکا ہے "تعلیمی اصلاحات" ملک کے طلبہ کا ایک داخلی معاملہ ہے اور ملک کا ہر طالب علم اس ضمن میں طلبہ کے سامنے اپنی آزادانہ رائے پیش کرنے کا حق رکھتا ہے۔ آئیے اپنی رائے پیش کرتے سے پہلے ہم آپ کو تعلیمی اصلاحات کے نفاذ سے قبل کے زمانہ میں لے چلیں۔ جب ہم "پرائمری کلاسز" میں پڑھتے تھے۔ تو ہم نے اکثر سنا کہ ہمارا تعلیمی نظام بہت فرسودہ ہے اور اس میں اصلاح کی بہت گنجائش ہے۔ "مڈل کلاسز" میں بھی ہمارے کان یہی "واویلا" سنتے رہے۔ جب ہم "ہائی کلاسز" کے طالب علم تھے تو اس وقت بھی ہمارے کانوں میں یہی آواز پڑی کہ آج کا "میٹریکولیٹ" ربع صدی قبل کے مڈل پاس سے بھی کم اہمیت رکھتا ہے۔ اہل الرائے بزرگوں اور پرانے تعلیم یافتہ حضرات کی زبانی یہ کلمات سن کر ہمارے دلوں میں قدرتی طور پر سخت احتجاج پیدا ہوتا۔ آخر ہمارے دور کے نوجوانوں نے کیا گناہ کیا ہے کہ انہیں ایک ایسا نظامِ تعلیم دیا گیا ہے۔ جو انہیں ایک "کامیاب کلرک" بھی نہیں بنا سکتا۔ اعلیٰ عہدے اور عالمانہ نقطۂ نگاہ تو الا ماشاء اللہ دور کی بات ٹھہری۔

الغرض زمانہ ماقبل اصلاحات کئی قسم کی مایوسیوں اور کمزوریوں کو لئے ہوئے تھا اور ہم یہ بات بلا تامل تسلیم کرتے ہیں کہ اصلاحات سے پہلے کیا اساتذہ اور کیا طلبہ سب پرانے نصابِ تعلیم سے مایوس ہو چکے تھے۔ ہمارا یہ اعتراف بلا ثبوت نہیں۔ اس زمانہ کے اخبارات کی ورق گردانی صاف بتاتی ہے کہ ہر روز کالموں کے کالم "نظامِ تعلیم" پر خامہ فرسائی کے لئے وقف تھے۔ مزاح نگار، طنز نگار، فکاہی کالم نویس، شاعر، ادیب اور سنجیدہ و غیر سنجیدہ لوگ سبھی نے "نظامِ تعلیم" کو مشقِ سخن بنایا ہوا تھا۔ آرٹسٹوں کے کارٹون تک ہمارے "نظامِ تعلیم" میں گھس آئے تھے۔ کہیں طالب علم کی گت بن رہی ہے تو کہیں استاد قابو آیا ہوا ہے۔ ہر طرف بے چینی اور اضطراب کا دور دورہ تھا۔ راقم الحروف کے خیال میں اگر مابعد تقسیم کے تمام اخبارات کے صرف اداریے ہی اس تعلق میں اکٹھے کئے جائیں تو ان کی تعداد کئی سو ہو گی۔ یہ وہ زمانہ تھا جبکہ ہمیں امتحانی پرچوں میں "ہمارے تعلیمی نظام کی خامیاں" وغیرہ موضوعات پر مضامین لکھنے کے لئے کہا جاتا تھا اور اس بات کی تصدیق آج بھی یونیورسٹی کے پرچہ جات کے ریکارڈ سے کی جا سکتی ہے۔ تعلیمی اداروں کے پرچہ جات اس کے علاوہ ہیں۔

آخر ایک وقت آیا کہ اس بے اطمینانی کا حل سوچنے کے لئے ایک "قومی تعلیمی کمیشن" کی تشکیل عمل میں لائی گئی کافی غور و فکر کے بعد کمیشن نے ایک جامع رپورٹ مشتمل بر تعلیمی اصلاحات حکومت کو پیش کی۔ ہم اس رپورٹ کو تعلیمی اصلاحات کے سلسلہ میں حرف آخر یا حتمی کوشش قرار نہیں دیتے۔ نہ ہی ہم یہ کہتے ہیں کہ کمیشن کی تمام سفارشات عن و عن قابل عمل تھیں۔ لیکن ہم اس خیال کا اظہار کئے بغیر نہیں رہ سکتے کہ یہ اصلاحات ملک کے تعلیمی و سماجی نظام میں ایک زبردست انقلاب پیدا کر سکتی تھیں۔ یہ ایک مسلمہ امر ہے کہ ہمارا ملک ہر لحاظ سے پسماندہ ہے (سوائے ہڑ بازی اور ہڑتالوں وغیرہ کے) اس چیز کا ہم پہلے بھی کئی دفعہ ان کالموں میں ذکر کر چکے ہیں۔ اب جبکہ ہمارا ملک ترقی کی جانب رخ کر رہا ہے تو اسے ہر میدان میں ہمارے تعاون کی ضرورت ہے۔ ملکی ترقی کا راز اس بات میں ہے کہ ہم اپنے ملک کو زیادہ سے زیادہ سرمایہ مہیا کریں (Capital Formation)

اب پیدائش سرمایہ کی دو صورتیں ہیں۔ مادی اور علمی۔ جہاں تک مادی سرمایہ کا تعلق ہے ہمارا ملک اس لحاظ سے بہت ہی غریب ہے، چنانچہ ہمیں ہر سال بھاری مقدار میں غیر ملکی امداد پر انحصار کرنا پڑتا ہے۔ اس کا دوسرا پہلو علمی سرمایہ ہے۔ ہمارے ملک کی پوزیشن اس لحاظ سے یہ ہے کہ سائنسی ریسرچ کا میدان خالی پڑا ہے۔ اس کی تمام ضمنی شاخیں تشنۂ تحقیق ہیں۔ انڈسٹری، ایگریکلچر اور میڈیسن وغیرہ تمام شعبے ہمارے طلبا کو ریسرچ کی عام دعوت دے رہے ہیں۔ اکنامک ریسرچ کا میدان خالی پڑا ہے اور اس کی تمام سب برانچیز (Sub-Branches) وسیع پیمانے پر تحقیق و تفتیش کی محتاج ہیں، پھر سوشل ریسرچ کا میدان ہے وہ بھی خالی پڑا ہے۔ الغرض وہ کونسا شعبہ ہے جس میں ہمیں سکالرز (Scholars) اور محققین کی ضرورت نہیں۔ اب یہ تو ہوا کہ ہم نے مادی سرمایہ کسی نہ کسی طریق سے حاصل کر لیا۔ لیکن اس سے پورا پورا فائدہ (Maximum (Social) Advantage) اٹھانے کے لئے ہمیں اعلےٰ علمی استعداد رکھنے والے افراد قوم کی ضرورت ہے۔ کونسا نظام تعلیم ہمیں یہ افراد مہیا کرے گا؟ یہ مسئلہ آج بھی ملکی ترقی کے منصوبے تیار کرنے والوں کے لئے ایک اہم اور پیچیدہ مسئلہ ہے۔ ہمیں یہ حقیقت کبھی نہیں بھولنی چاہئے۔ کہ ہم غیر ملکی ماہرین اور محققین کو بھاری تنخواہیں دے کر ان کی مدد سے عہدہ برآ ہو رہے ہیں۔ اب ہم اپنے ملک کے ذہین و فہیم طلباء سے ایک دردمندانہ اپیل کرتے ہیں اور وہ یہ کہ وہ سوچیں اور ٹھنڈے دل سے غور کریں کیا پرانے نظام تعلیم نے ہمیں "علمی سرمایہ" کے لحاظ سے ہمیشہ غیر ملکی اقوام کا محتاج نہیں رکھا؟ اور اگر رکھا ہے تو کیا یہ بات ملکی سالمیت کے لئے ایک شدید خطرہ نہیں؟ وہ نظام تعلیم ایک غیر قوم نے ہمارے لئے ترتیب دیا تھا، اس میں اس کے بعض ذاتی مفاد بھی تھے۔ آزاد قوم کی حیثیت سے ہمیں قوم کے تشکیل کردہ نظام تعلیم کو اپنانا ہوگا۔ چلو ہم نے مادی سرمایہ کی امداد لے لی۔ لیکن اگر اس امداد کا ایک حصہ کثیر پھر بھی ہم نے غیر ملکی ایکسپرٹس (Foreign Experts) پر ہی خرچ کر دیا تو کیا اس طرح ہمارا ملک جلد

خوشحالی سے ہمکنار ہو سکتا ہے ہرگز نہیں۔ پس "نئی تعلیمی اصلاحات" کا سب سے زیادہ تعمیری پہلو یہ تھا کہ اس سے ملک میں سکالرز (Scholars) اور محققین کا ایک ایسا طبقہ پیدا ہو سکتا تھا جو کم از کم اس "علمی سرمایہ" کی پیدائش کا خلا تو پر کر سکتا۔

اب یہ سب کچھ معلوم کر کے اپنے ملک کے طلبہ پر کس قدر افسوس ہوتا ہے کہ انہوں نے ایسے وقت میں نئے تعلیمی نظام کو التوا میں ڈلوا دیا جبکہ قوم اس کے پھل چکھنے والی تھی۔ اس باغبان کی کیا حالت ہوگی کہ جس کے باغ کے پھل عین اس وقت زمین پر آ رہیں جبکہ ان کے پکنے میں بہت تھوڑا وقت رہ گیا ہو۔ نئے نظام تعلیم میں بعض کمزوریاں ضرور تھیں۔ ہمیں اس کا اعتراف ہے مگر پرانے نظام تعلیم میں کب کم تھیں۔ بلکہ حق تو یہ ہے کہ اس میں خامیوں کا پلڑا بہت ہی بھاری ہے۔ نئے نظام تعلیم میں ایک خامی کافی نمایاں تھی (اگر دیکھا جائے۔ تو وہ ہر دو نظاموں میں قدر مشترک کی حیثیت رکھتی ہے) اور وہ یہ کہ اس سے غریب طلباء پر تعلیم کا دروازہ بند ہونے کا شدید خطرہ تھا۔ یہ طریق کار کی ایک کمزوری تھی۔ اور اگر ارباب حکومت پر اس کے اثرات کو اچھی طرح واضح کر دیا جاتا۔ تو کوئی وجہ نہیں کہ حکومت قومی مفاد کے پیش نظر مالی تکالیف کی شکایت کو رفع نہ کرتی۔ یہ ایک جائز شکایت تھی۔ اور نہایت پر امن طریق سے حکومت کو منوایا جا سکتا تھا مگر طلباء کا یہ مطالبہ کہ نئے نظام تعلیم کو بالکل ہی منسوخ کر دیا جائے۔ اور پھر اس مطالبہ کو باصرار منوانا بہت ہی قابل افسوس ہے۔ جو ہماری قوم کے اندر قومی روح کے فقدان پر دلالت کرتا ہے۔ یہ ایک نہایت ہی تلخ حقیقت ہے کہ حالیہ مظاہروں میں طلبہ نے حد درجہ انتہا پسندی سے کام لیا۔ ہمیں یہاں اس بحث میں نہیں الجھنا کہ ان مظاہروں کے پس پشت کون سے عناصر تھے۔ اور ان کے کیا مقاصد تھے۔ ہم ملکی سیاسیات سے اپنا دامن بچاتے ہوئے اور اس امر کو حکومت کا ایک داخلی معاملہ تصور کرتے ہوئے صرف طلبہ کے ذہنوں کو جھنجھوڑنا چاہتے ہیں۔ آخر انہوں نے ایک ایسے نظام تعلیم کے حق میں نعرے لگا کر جسے دنیا کے اکثر ترقی یافتہ ممالک برسوں پیشتر ترک کر چکے ہیں کونسا فائدہ عظیم حاصل کر لیا ہے۔ یا کونسی گراں قدر ملکی یا قومی خدمت سرانجام دے دی ہے۔ کم از کم ہماری سمجھ میں تو نہیں آتا۔ کہ اس رجعت پسندی سے ہم مستقبل قریب میں دنیا کی کتنی قوموں سے علمی برتری کا سکہ منوا لیں گے؟ — اے ملک عزیز کے ہونہارو! دنیا تو علمی ترقی کے میدان میں تم سے بہت آگے — ہاں بہت ہی آگے — جا پڑی ہے۔ تمہارے ملک اور قوم کا وقار "نعرہ بازی میں برتری" لے جانے میں نہیں۔ تمہاری ملت کی سربلندی تو اس بات میں ہے کہ جب بھی کسی علم کے نامور خدمتگاروں کا ذکر آئے تو تمہارے ملک کا نام سرفہرست ہو۔ کیا تمہیں یہ سرفرازی اور عزت افزائی قبول نہیں؟ سہل انگاری سے تو کام چلنے سے رہا۔ تسلیم کہ حکومت شرافت سے کام لیتے ہوئے ہمارے مطالبات مان لے گی مگر مطالبات کی بھی کوئی حد ہونی چاہئے۔ آپ کے "جائز مطالبات" کی کوئی واضح تعریف ہونی چاہئے۔ اب اگر ایک طالب علم فیل ہو جاتا ہے۔ تو اس میں حکومت کا یا نظام تعلیم کا کوئی قصور نہیں! چاہئے تو یہ تھا کہ طالب علم مذکور

اپنے لائحہ عمل پر غور کرتا اور اپنی ناکامی کی اصل وجہ ڈھونڈتا
مگر ہوتا کیا ہے وہی طالب علم اپنے جیسے چند اور طلباء کو
ساتھ ملا کر اور مظاہرے کر کے اپنے آپ کو پاس ہونے والوں
کی فہرست میں شامل کروا لیتا ہے۔ لیکن دانشمند اسے بھی
خدمت کا نام دے گا؟ یہ تو تخریب ہے! سراسر تخریب!!
یہ فعل تو ملک کی پیشانی پر کلنک کا ایک ٹیکہ ہوگا۔ اب
بار جواب آپ پر کیا آپ کی غیرت یہ بات برداشت کرنے
کو تیار ہے۔ جب ایک غیر ملکی یونیورسٹی کا طالب علم یہ کہے
کہ پاکستانی طالب علموں کے تو کیا کہنے انہیں تو مفت میں
ڈگری مل جاتی ہے۔ سارا سال آوارہ گردی کرو، فلمیں دیکھو،
تھیٹروں میں دل بہلاؤ، پارکوں کی سیر کرو اور امتحان کے
بعد اگر فیل ہونے کا ڈر ہو تو شور مچا دو کہ پرچے بہت مشکل
تھے بہت ناانصافی ہوئی ہے۔ گریس مارکس
(Grace Marks) دیئے جائیں۔ اور
اگر مطالبہ منظور نہ ہو۔ تو گھر کے کسی کونے میں بھوک ہڑتال کر کے
بیٹھ جاؤ کیا یہ ترقی یافتہ قوموں کا طریق ہوتا ہے؟ کیسے
تہذیب اسی کا نام ہے؟ ہمارا روئے سخن ملک و قوم
سے ہمدردی رکھنے والے طلبہ سے ہے۔ بتائیے ایسی
سستی ڈگری لے کر آپ اقوام کی دوڑ میں کیا کردار ادا
کر سکتے ہیں؟ اگر قومی غیرت ہے تو اٹھو اور تمام دنیا
کو للکار دو۔ کہ خبردار ہمارے متعلق ایسی باتیں مت بناؤ۔
ہم تم سے اعلیٰ نظام تعلیم جاری کروائیں گے اور پھر اس
نظام کے نافذ کرنے والوں سے ایسا تعاون کریں گے۔
کہ ابھی ایک نسل کا دور بھی گذرنے نہیں پائے گا کہ ہم
تمام دنیا پر اپنی علمی برتری ثابت کر دکھائیں گے۔ اے

غیور دلو! ماضی کے جمود اور بے حسی کو توڑ دو۔ اپنی برائی
اور بھلائی میں امتیاز کرنا سیکھو۔ دیکھو! غیر تمہیں کہیں گے
کہ انہیں تو اتنا بھی شعور نہیں کہ اچھے بُرے میں تمیز
کر سکیں۔ اپنے حریف پڑوسی ممالک سے ہی ڈرو۔ کیا یہ
طعن برداشت کر لوگے کہ ؎

اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

ذاتی مفادات سے بالا ہو کر غور و فکر کی عادت ڈالو
قومی سوچ کو اپنے دلوں میں داخل ہونے دو۔ اسے کیوں
روکتے ہو؟ تمہیں صرف خود ہی زندہ نہیں رہنا بلکہ دنیا
کی تمام اقوام کو زندگی کا سبق دینا ہے۔ پھر تم ہمت، صبر،
استقلال، ایثار اور قربانی کو کیوں اپنا شعار نہیں بناتے
نئی تعلیمی اصلاحات کا بار یقیناً تم پر پڑا۔ تمہیں زیادہ محنت
کرنی پڑی، زیادہ وقت تعلیم میں صرف کرنا پڑا۔ زیادہ مالی
مشکلات اور پریشانیاں اٹھانی پڑیں، ڈگری کیلئے ایک سال
زیادہ انتظار کرنا پڑا۔ لیکن برادران ذرا دور کی سوچیئے۔ آپ کی ہمت
و استقلال اور ایثار و قربانی کی بدولت بھی وقار پر کیسا
خوشگوار اثر پڑا۔ پہلے آپ مادی سرمایہ کے لئے بھی غیروں
کے محتاج تھے اور علمی سرمایہ کے لئے بھی انکے دست نگر۔
مگر اب کم از کم علمی سرمایہ میں تو خود کفیل ہو گئے
اب غور کرو نئی اصلاحات کو معرض التوا میں ڈالنے
سے کس قدر پیچھے جا رہے ہیں۔ ابھی وقت ہے اٹھو اور
کمر ہمت کس لو۔ اپنے تمام مدمقابل طالب علموں کو چیلنج
دے دو کہ دیکھو ایک بیدار قوم کے نوجوان تمہارے
پیچھے آ رہے ہیں، چھوڑ دو تمام۔ اسکول کو ان کے لئے
دو، اپنی قوم کی سربلندی کے لئے ایک کسی بھی قربانی سے

دریغ نہیں کریں گے۔ دیکھو! دیکھو!! انہیں آگے بڑھنے دو۔ ایک مستحکم قوم کے افراد ہونے کے لحاظ سے ان کا زیادہ حق ہے کہ وہ علمی دنیا کے تمام شعبوں کے لیڈر رہیں۔ پیشرو ہوں۔ لیکن اے قوم کے ہونہارو! اگر تم غفلت کی اس نیند سے نہیں جاگتے (اور زمانہ تمہیں پکار پکار کر کہہ رہا ہے کہ یہ وقت خواب نہیں، یہ وقت خواب نہیں!) تو یاد رکھو کہ آنے والی نسلیں تمہارے اعتذار کو کبھی قبول نہیں کریں گی۔ تم صرف اپنے قدموں پر کلہاڑی نہیں چلا رہے بلکہ اپنی آئندہ نسلوں کی قسمتوں کو بھی تبدیل کر رہے ہو۔ دیکھو اگر خوشحال نسل کے آباؤ اجداد بننا چاہتے ہو تو تمہیں بہر حال قربانی کرنا پڑے گی۔ مالی کی طرف دیکھو کہ وہ کتنی محنت اور تکلیف سے باغ لگاتا ہے مگر اب اوقات اس باغ کا پھل کھانے سے قبل ہی رخصت ہو جاتا ہے۔ اور اگر کھاتا بھی ہے تو بہت تھوڑا۔ لیکن کیا وہ اس وجہ سے اس تمام محنت سے کنارہ کشی کرے۔ نہیں نہیں ایک دور اندیشی اور اپنی اولاد کا غم اور درد رکھنے والا مالی ہرگز یہ بات نہیں سوچ سکتا۔ وہ اپنے آپ کو ایک خوش حال اور فارغ البال نسل کا باپ یا دادا دیکھنا زیادہ پسند کرے گا۔ پس ذاتی مفادات کی قربانی اور عظیم الشان ایثار کا مظاہرہ کئے بغیر قومیں کبھی ترقی نہیں کر سکتیں۔ ہمارے تعلیمی نظام میں نئی اصلاحات کی بھی جگہ رکھنی تھیں جو زراعت میں جدید اور سائنٹیفک مشینوں کا استعمال رکھتا ہے۔ پس کس قدر بد قسمت ہے وہ قوم جسے جدید مشینیں اور سائنٹیفک آلات مہیا کئے جائیں۔ مگر اس کے باوجود وہ صدیوں قبل کے ہل اور سہاگہ کے استعمال پر مصر رہے۔

پس اے مستقبل قریب میں کشتیٔ ملت کے بننے والے ناخداؤ! سوچو اور غور کرو، پھر سوچو اور غور کرو کہ تم نے اپنی قوم کو مضبوط اور مستحکم بنانے کے لئے کیا کارنامے کئے ہیں۔ اپنے ذہن میں صحت مند انقلاب پیدا کرو۔ کیونکہ اس کے بغیر قوم دوسری قوموں پر سبقت نہیں لے جا سکتے۔ اپنے نقطۂ نگاہ کو محض اپنی ذات تک محدود نہ رکھو بلکہ اپنے ہر فعل میں قومی اور اجتماعی مفاد کو مدِ نظر رکھو۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کے اذہان کو جلا بخشے اور قوم و ملت کے مفید وجود بننے کی توفیق دے۔

آمین اللّٰھم آمین

المنار

مرسلہ محمد مجیب اصغر

"اَلْمَنَارُ" عربی کا لفظ ہے اور اسکے معنی ہیں "مَوضِعُ النُّور" یعنی روشنی دینے والا مقام۔ اس کے دوسرے معنی ہیں۔ "اَلْعَلَمُ یُجْعَلُ لِلْاِھْتِدَآءِ فِی الطَّرِیْقِ" یعنی وہ نشان جو راستہ میں راہ نمائی وغیرہ کے لئے لگایا جاتا ہے "یہ نشانِ اہتداء" چونکہ عام سطحِ زمین سے بلند ہوتا ہے اس لئے "مَنار" کے لفظ میں "بلندی اور رفعت" کا مفہوم بھی پایا جاتا ہے اسی لئے رسالہ "المنار" کی پیشانی پر "روشنی اور رفعت کا نشان" کے الفاظ لکھے رہتے ہیں۔ المنار تعلیم الاسلام کالج کے ہر طالب علم سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ نہایت بلند کردار اور زبردست بنایانہ صلاحیت رکھتا ہو۔

اسلامی حکومت کا قیام

مرسلہ: غلام رسول آشفتہ

اس وقت ہمارے ملک میں خاص قسم کے طور پر یہ جوش پیدا ہو چکا ہے کہ ملک میں اسلامی حکومت قائم ہونی چاہیئے۔ حالانکہ سب سے بڑا ملک انسان کا اپنا قلب اور اس کا دماغ ہے۔ مگر اس میں اسلامی حکومت قائم نہیں کی جاتی۔ جوں جوں تعلیم کا رواج بڑھ رہا ہے۔ دین کی طرف رغبت کم ہو رہی ہے۔ تعلیم کو رواج دینا تو ضروری امر تھا۔ ہمیں چاہیئے کہ ہم اس قدر ضروری چیز کو اس طرح ضبط میں لاتے کہ ہمارے بچے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ دین کے بھی خادم بنتے۔ لیکن ہوتا یہ ہے کہ جب بچے ہوش سنبھالتے ہیں تو وہ فلمی گانے تو یاد کر لیتے ہیں۔ لیکن اگر انہیں کہا جائے کہ تم قرآن کریم کی کوئی سورۃ سناؤ تو وہ انہیں یاد نہیں ہوگی۔ میری نصیحت یہی ہے کہ اپنی مصروفیات میں سے کچھ وقت نکال کر قرآن کریم اور احادیث کے مطالعہ پر بھی صرف کرو۔ اگر آپ روزانہ کچھ وقت قرآن کریم اور احادیث کے مطالعہ میں لگائیں گے اور اس کے احکام پر عمل کریں گے۔ تو آپ لوگوں کے گھروں میں خود بخود اسلامی حکومت قائم ہو جائیگی۔ اور جب آپ لوگوں کے گھروں میں اسلامی حکومت کا قیام ہو جائیگا تو ملک میں اسلامی حکومت کے قیام کے لئے آپ کو زیادہ فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

(گورنمنٹ کالج لائل پور کے طلبہ سے حضرت امام جماعت احمدیہ کا خطاب)

— بقیہ —

زمیندار کا بیٹا بتاتا ہے" لڑکے نے دوبارہ کہا۔ یہ الفاظ سنتے ہی منیرالدین کے اوسان خطا ہوگئے زمین اس کے پیروں کے نیچے سے نکلنے لگی۔ بڑی جرأت کے ساتھ اس نے اپنے آپ کو سنبھالا اور لڑکے سے کہا کہ وہ انور تک اس کی راہ نمائی کرے جب وہ انور کے کمرہ کے نزدیک پہنچا تو اس نے اندر سے آنے والی آوازیں واضح طور پر سنیں۔

"آپ کا باپ تو ایک زمیندار ہے نا؟" ایک لڑکا پوچھ رہا تھا اور اسے "ہاں ہاں" کے الفاظ سے جواب دے رہا تھا۔ "لیکن ایک سیدھا سادا دل میں ملبوس بوڑھا کہتا ہے کہ انور میرا بیٹا ہے"۔ پھر اسی لڑکے کی آواز سنائی دی۔ "یاد آیا وہ ہمارا بوڑھا نوکر ہوگا وہ بھی مجھے پیار سے بیٹا ہی کہتا ہے" انور نے قدرے گھبرائی ہوئی آواز میں کہا۔ منیرالدین نے پریشانی کی حالت میں ڈگمگاتے ہوئے قدموں سے دروازہ کھولا اور روپوں کی تھیلی آگے بڑھاتے ہوئے کہا "لو انور! تمہارے ابا نے تمہیں پیسے بھیجے ہیں" پھر وہ جلدی سے واپس لوٹ آیا۔ یہ الفاظ "یاد آیا وہ ہمارا بوڑھا نوکر ہوگا وہ بھی مجھے پیار سے بیٹا کہتا ہے" منیرالدین کی فضائے یادداشت میں ارتعاش پیدا کر رہے تھے وہ پریشانی اور تکلیف کی حالت میں ہوسٹل سے باہر نکل آیا اس کا دل ٹوٹ چکا تھا۔ اسے ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا نظر آ رہا تھا — "اے دنیا والو! مجھے تمہارا یہ تمدن نہیں چاہیئے۔ یہ تہذیب کہ بیٹا باپ کو نوکر سمجھنے لگے مجھے منظور نہیں میں تھوکتا ہوں اس دنیا پر جس میں خونی رشتے قطع ہو جائیں اور بیٹا باپ کی تمیز نہ کر سکے"۔ یہ کہتے ہوئے بوڑھا منیرالدین ایک نامعلوم منزل کی طرف روانہ ہو گیا

سجاد امام ایم۔اے

ایرانی رسم الخط (قدیم وجدید)

ایران میں سب سے پہلے ہمیں جس رسم الخط کا نشان ملتا ہے وہ "میخی" رسم الخط ہے۔ اس کو میخ کی شکلوں کے ذریعہ جو کہ عمودی یا افقی صورت میں ہوتی تھیں ظاہر کیا جاتا تھا اور اسے بائیں جانب سے دائیں جانب کو لکھتے تھے۔ یہ رسم الخط جہاں تک معلوم ہو سکا ہے سومریوں کا ایجاد کردہ ہے اور اس میں اہم علامتیں ہیں۔ ہخامنشی خاندان کے بادشاہوں نے کتبے بھی کندہ کرائے جن میں سے بعض بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔ چنانچہ ایران کی قدیم ترین زبان "فارس قدیم" یا فارسی باستان" کا سراغ بھی انہی کتبوں کے ذریعہ ملتا ہے۔ تاریخی لحاظ سے بھی ان کی بہت اہمیت ہے۔ کیونکہ ان کے ذریعہ بادشاہوں کے حالات اور حدود سلطنت اور لڑائیوں اور فتوحات کا پتہ چلتا ہے۔ ایرانی میخی رسم الخط دوسرے میخی خطوں کی نسبت سادہ اور صحیح ہے۔ مثلاً بابلی رسم الخط میں میخوں کی شکل افقی اور عمودی کے علاوہ دوسری شکلوں میں بھی مروج تھی جس کی وجہ سے وہ بہت پیچیدہ ہو گیا تھا۔

اس رسم الخط کے بعد ایران میں "پہلوی رسم الخط" رائج ہوا۔ یہ آرامی رسم الخط سے اخذ کیا گیا تھا اور اس کی اقسام دو تھیں۔ "رسم الخط پہلوی اشکانی" اور "رسم الخط پہلوی ساسانی" ان دونوں اقسام میں یہ دائیں سے بائیں جانب لکھا جاتا تھا۔ اس رسم الخط کا سراغ "نقش رستم" اور "نقش رجب" کے کتبوں سے ملتا ہے۔ جو کہ ساسانی بادشاہوں نے یونانی اور پہلوی زبان میں لکھوائے تھے۔ یہ لکھنے اور پڑھنے میں بہت پیچیدہ تھے۔ "پہلوی اشکانی رسم الخط" اور "پہلوی ساسانی رسم الخط" میں کوئی زیادہ فرق نہیں۔ پہلا اشکانی دور میں مروج تھا اور دوسرا ساسانی عہد میں۔

اس رسم الخط کے بعد ایران میں "اوستائی رسم الخط" کا پتہ ملتا ہے جن پرنیال کے نزدیک اس کی اہم الف بائی علامتیں ہیں۔ یہ قدیم ایرانی رسم الخط سب سے زیادہ آسان اور مکمل ہے۔ چونکہ زرتشتیوں کی کتاب "اوستا" کو اس رسم الخط میں لکھا گیا۔ اس لئے اس کا نام اوستائی پڑ گیا۔ یہ دائیں سے بائیں جانب کو لکھا جاتا تھا۔

ترکستان اور طومان میں تحقیقات سے ایک ایرانی "سغدی" کا پتہ چلا ہے۔ یہ تحقیقات ۱۹۰۰ء میں شروع ہوئیں جس کے نتیجہ کے طور پر جو کہ "سغدی رسم الخط" میں لکھی ہوئی تھی۔ محققین کا خیال ہے کہ یہ رسم الخط آرامی رسم الخط سے لیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ پہلوی رسم الخط کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے۔ کیونکہ وہ بھی آرامی سے اقتباس شدہ ہے۔

ایران کے مشہور شخص مانی نے "مانی رسم الخط" ایجاد کیا۔ یہ بھی آرامی رسم الخط سے اقتباس شدہ ہے۔ مانی سلسلہ کی کتابیں اس میں لکھی گئیں جن میں سے بعض اب دستیاب ہوئی ہیں۔

ابن الندیم نے ابن المقفع کے قول سے بتایا ہے کہ ایرانی سات رسم الخط رکھتے تھے۔

(۱) خط دین دفیریہ (یا دین دبیریہ): یہ اوستائی رسم الخط کا دوسرا نام ہے۔ مسعودی نے بھی اوستا کی الف۔ب کو دین دبیرتہ کے نام سے ذکر کیا ہے۔ اس کے قول کے مطابق اس میں ۶۰ حروف ہیں۔

(۲) ویش دبیریہ: اس میں ۳۶۵ حروف ہیں۔ اس میں قیافہ شناسی اور فراست کے متعلق کتابیں لکھی جاتی تھیں۔

(۳) گشتگ رسم الخط: اس میں شاہوں کے سکے مہریں اور قرار دادیں لکھی جاتی تھیں۔

(۴) خط نیم گشتگ: اس میں فلسفہ اور حکمت سے متعلق کتابیں لکھی جاتی تھیں۔

(۵) شاہ دبیریہ: یہ رسم الخط صرف بادشاہوں کے لئے مخصوص تھا۔

(۶) نام دبیریہ: اس میں بادشاہوں کے علاوہ تمام طبقات کے لوگ تحریریں وغیرہ لکھتے تھے۔ اس رسم الخط میں نقطے نہیں تھے۔ اور بعض عبارات بابلی لغت میں لکھی جاتی تھیں مگر انہیں پڑھا فارسی میں جاتا تھا۔ اور اس کو "ہزوارش" کہتے تھے۔ یہ کلمات ہزار کے قریب تھے۔ مثلاً گوشت کی بجائے "بسرہ" لکھتے تھے اور پڑھتے گوشت تھے۔

(۷) رازسہریہ: اس میں بادشاہ خارجی ممالک کے ساتھ تعلقات اور ان کے راز وغیرہ رکھتے تھے۔

ان کے علاوہ جو رسم الخط دیگر کتبوں، سکوں اور برتنوں کے نقوش کی صورت میں ملے وہ یہ ہیں۔

(۱) خط اشکانی قدیم: یہ رسم الخط پرانے آرامی خط سے مشابہ ہے۔

(۲) خط اشکانی جدید: اشکانی قدیم سے معمولی تفاوت رکھتا ہے۔

(۳) خط کتبہ ہائے ساسانی: ساسانی کتبوں سے ملتا ہے۔

(۴) خط تحریری ساسانی: اس میں خطوط لکھے جاتے تھے

یہ تمام رسم الخط ایران میں اسلام کی آمد سے پہلے رائج تھے۔ اسلام کی آمد کے بعد پہلوی رسم الخط مشکل ہونے کی وجہ سے زوال پذیر ہوگیا۔ اور صرف زرتشتی معبدوں تک محدود ہو کر رہ گیا اور ایران میں عربی رسم الخط کا رواج ہوا۔ اسلامی مورخین کے قول کے مطابق "عربی رسم الخط" حیرہ سے جو کہ نصرانیوں کا پایہ تخت تھا اختیار کیا گیا۔ اس روایت کو عبداللہ بن عباس اور بعض ابن اسحاق صاحب السیرۃ النبویہ سے منسوب کرتے ہیں۔ مسعودی حمزہ بن حسن اور دوسرے علماء اس پر متفق ہیں:

ابن عباس کہتے ہیں کہ عربی رسم الخط کی بنیاد قبیلہ بنی طے کے تین اشخاص نے رکھی۔ انہوں نے حروف اختیار کئے اور ان پر موم لگایا۔ مسعودی کے نزدیک محض بن جندل کے بیٹوں نے عربی رسم الخط ایجاد کیا۔ بعض روایات کے مطابق حضرت

اسمٰعیل علیہ السلام نے اس خط کو وضع فرمایا۔ ابن ہشام حمیر بن سبا کو اس رسم الخط کا موجد ٹھہرایا ہے۔

آجکل کے محققین کا عقیدہ ہے کہ خطِ اسلامی خطِ نبطی تازہ سے لیا گیا ہے۔ جو طور سینا کے جزیرہ سے منتشر ہوئے۔ اس عقیدہ کے ثبوت میں سب سے قدیم چیز جو دستیاب ہوئی ہے وہ نقش نمارہ کا کتبہ ہے اس کی تاریخ ۳۲۸ء ہے۔ اس کے علاوہ نقش حران کا کتبہ بھی ملا ہے جو کہ ۵۶۸ء میں بنایا گیا تھا۔

بہرحال اسلامی خط جزیرۂ طور سینا سے ظہور پذیر ہو کر شام اور بنی غسان کے تاجروں میں رواج پا گیا۔ اور انہیں کے ذریعہ بڑے بڑے تجارتی مراکز میں منتقل ہو گیا۔

بعض کے نزدیک عربوں اور حبشیوں نے اس رسم الخط کو یمن سے اخذ کیا۔ لیکن پہلا نظریہ صحیح ہے کہ عربی رسم الخط قبطی رسم الخط سے اور قبطی رسم الخط آرامی رسم الخط سے اخذ کیا گیا ہے۔ عربی رسم الخط کی قدیم ترین اسناد نقش حبط اور نقش حران ہیں۔ عبدالرحمٰن بن جبیر مورخ کی قبر کا کتبہ بھی اسی رسم الخط میں ہے۔ اسی رسم الخط سے کوفی اور نسخ دو رسم الخط بنائے گئے۔ بعد میں ان دونوں میں لوگوں کی معاشرت اور ہر ایک میں خوش نویسوں کی طرف سے اصلاحات اور اضافہ کی وجہ سے بہت فرق پیدا ہو گیا۔

کوفی رسم الخط بہت جلد ترقی کر گیا۔ اور اس میں ایسے عالم لوگ پیدا ہوئے جنہوں نے اس کے حروف بنائے اور عام رواج دیا۔ اس لئے قرآن مجید اور دوسری کتابیں اس میں لکھی گئیں۔ سب سے پہلے ابوالاسود نے نقطے اور حرکت کے نشانات وضع کئے۔

ابن الندیم کے قول کے مطابق اسلامی سلطنت کے آغاز پر چار رسم الخط موجود تھے۔ (۱) مکی (۲) مدنی (۳) بصری (۴) کوفی

نویں اور دسویں صدی میں نسخ کی اصلاح کی گئی۔ اور نستعلیق رسم الخط وجود میں آیا۔ سب سے پہلے جس شخص نے اسے اچھی صورت میں لکھا وہ میر علی تبریزی تھے۔ ان کے بعد ہرات کے میر علی ملا جعفر تبریزی اور سلطان حسین نے اس میں اصلاحات کیں۔ آخر میں جس شخص نے اس کو عروج پر پہنچا دیا وہ میر عماد قزوینی تھے۔

اس رسم الخط نے اسلامی دنیا میں رواج پایا۔ اور آجکل ایران۔ پاکستان۔ ہندوستان اور افغانستان میں استعمال ہوتا ہے۔

(سبک شناسی از ڈاکٹر بہار۔ ایران باستان از حسن پیرنیا سے استفادہ کیا گیا)

نظرِ انتخاب

تصورات میں خنداں تمہاری یاد کے زخم
تخیلات میں رقصاں تمہاری یاد کے پھول

تمہاری یاد میرے دل کے آبگینے میں
تمہاری یاد میری روح کے خزینے میں

جب تم ہی پیش آنے لگے بے رخی کے ساتھ
پھر کیا نبھائیں رشتۂ الفت کسی کے ساتھ

اک اک اشک میں شمع فروزاں ہوگی
جب تیری یاد میرے دل میں غزل خواں ہوگی

مرسلہ: عابد علی عابد

پروفیسر حبیب اللہ خان ایم اے بی ایس سی

خلا کی تحقیق اور اس کے ذرائع

جب بھاری بھرکم راکٹ اپنے مچان سے اٹھتا ہے۔ تو وہ اپنے منہ سے سرخ و سفید شعلے اگل رہا ہوتا ہے۔ دھوئیں اور حرارت کے بادل اس کے نیچے اوپر چاروں طرف پھیلے ہوئے ہوتے ہیں۔ انجنوں کا شور اور ہنگامہ قیامت خیز ہوتا ہے۔ اور ہر طرف آگ ہی آگ نظر آتی ہے۔

مچان سے دو فرلانگ دور وہ لوگ جو اس کے چلانے پر متعین ہوتے ہیں۔ بہت موٹی دیواروں والی کنکریٹ کی ایک عمارت میں چھپے رہتے ہیں اور تنگ سوراخوں میں سے ساری کارروائی ملاحظہ کرتے ہیں۔ مبادا کہیں راکٹ پھٹ نہ جائے یا اس کی غیر متوقع بے راہ روی انہیں گزند نہ پہنچا دے۔ ان عمارات کو بلاک ہاؤس کہتے ہیں اور وہ ان میں بالکل محفوظ رہتے ہیں۔

اگرچہ راکٹ کے نزدیک قیامت کا سا شور ہوتا ہے۔ اور ایک جہنم منہ کھولے ہوئے نظر آتا ہے۔ تاہم راکٹ کی تیسری منزل میں حیوانی زندگی بھی موجود ہوتی ہے۔ ابتدا میں راکٹ کے اس نوکیلے حصے میں قسما قسم کے جانور رکھ دیئے جاتے تھے۔ لیکن اب حضرت انسان خود بنفس نفیس وہاں موجود ہوتا ہے۔ ذرا تصور تو کیجئے کہ راکٹ میں بیٹھے ہوئے اس انسان نے کن خطرات میں اپنے آپ کو ڈال لیا ہے۔ آگ کے شعلے اس کے چاروں طرف لپک رہے ہیں۔ اگر راکٹ کے ایک پرزے میں بھی خلل واقع ہو جائے۔ تو اس کے جسم کا ڈھونڈے سے بھی پتہ نہیں لگے گا۔ پھر وہ راکٹ میں بیٹھا نہیں ہے۔ جیسے ہم کرسی یا پلنگ پر آرام سے بیٹھ جاتے ہیں بلکہ پیٹھ کے بل ایک کرسی پر پڑا ہے۔ اس کے گھٹنے اوپر کی طرف مڑے ہوئے ہیں۔ اور سارا جسم ڈوریوں سے جکڑا ہوا ہے۔

جب راکٹ کے انجن اپنا کام شروع کر دیتے ہیں تو وہ اوپر اٹھنے لگتا ہے۔ اور لحظہ بہ لحظہ اس کی رفتار میں تیزی پیدا ہوتی چلی جاتی ہے۔ راکٹ کے انجنوں اور ابلتے ہوئے شعلوں کا شور تو پہلے ہی موجود ہوتا ہے۔ لیکن جب وہ ہوائی تہوں کو برق رفتاری سے چیرتا ہوا آگے بڑھتا ہے تو شور میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ اور کان کے پردے پھٹنے لگتے ہیں۔ جوں جوں اس کی رفتار میں تیزی پیدا ہوتی ہے۔ ایک زبردست قوت یعنی کشش ثقل ـــ اس کے جسم اور اس کے اندرونی اعضا کو نیچے کی طرف دبانے لگتی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سینے اور جسم پر پہاڑ کا سا بوجھ آ پڑا ہے۔ اس زبردست دباؤ کے نیچے انسانی جسم مجبور اور معذور ہوتا ہے۔ اور کچھ دیر کے لئے اس کے اعضا و جوارح بے دم سے ہو کر پڑے رہتے ہیں۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ دل اور دماغ مفلوج ہو چکا ہے۔ نہ حرکت کا ارادہ باقی ہے نہ تاب و تواں۔

یہ کیفیت اگرچہ بے انتہا شدید ہوتی ہے لیکن چند منٹ سے زیادہ نہیں رہتی۔ رفتہ رفتہ دباؤ کم ہونے لگتا ہے اور شور میں کمی آجاتی ہے۔ پھر انجن پورے طور پر بند ہوجاتے ہیں نہ ارتعاش باقی رہتا ہے اور نہ کوئی ہنگامہ اندر یا باہر چاروں طرف کامل سکون اور خاموشی طاری ہوجاتی ہے۔ بسیط خلا کی خاموشی جہاں نہ ہوا ہے، نہ روشنی، نہ زندگی، نہ حرکت، اس تاریک، غیر مانوس اور ہیبت ناک خلا میں ضعیف البنیان انسان اس طرح داخل ہوجاتا ہے جیسے کوئی اجنبی نووارد کسی لق ودق صحرا میں تنہا چلا جائے۔

شاید اس نووارد کی منزل مقصود نظام شمسی کا کوئی کرہ ہے جس کی طرف وہ کشاں کشاں چلا جا رہا ہے۔ اور اس کی راہ بڑی احتیاط اور بڑے حسابی اندازوں کے بعد متعین ہوچکی ہے۔ حرکت بھی غضب کی تیز ہے ـــ ۷ میل فی سیکنڈ ـــ اور ۲۵۰۰۰ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے آگے بڑھ رہا ہے۔ تاہم سفر بہت طویل ہے اور شاید کئی ماہ کے بعد ہی وہ منزل مقصود تک پہنچ سکے۔ مشکل یہ ہے کہ منزل اگرچہ متعین ہے۔ لیکن اس کو بھی قرار نصیب نہیں وہ بھی خلائی وسعتوں میں بے پناہ تیزی کے ساتھ مصروف حرکت ہے اور انسان کی مشکلات میں مزید اضافے کا موجب۔

دشواریاں بظاہر بے انتہا ہیں۔ اور ان کا تصور بھی انسان پر لرزہ طاری کر دیتا ہے۔ لیکن خلاباز کو جو راکٹ میں بیٹھا ہے اپنے مشن کی کامیابی پر پورا یقین ہے اسے اس امر کا بھی پورا بھروسہ ہے کہ اس کی تمام ضروریات جہاز میں اور دوران سفر کے لئے محقق ہونگی۔ اس کے حجرہ میں کھانے کے لئے غذا پینے کے لئے پانی اور سانس لینے کے لئے کافی ہوا موجود ہے اور وہ تمام لوازمات جن پر حیات کا دارومدار ہے۔ اس کو چاق وچوبند رکھنے کے لئے وافر مقدار میں فراہم کر دیئے گئے ہیں بقائے حیات اور منزل کو پالینے کے امکانات اس کو کافی روشن نظر نظر آتے ہیں اور اسے اس امر کا بھی یقین ہے کہ اگر بالفرض کوئی حادثہ پیش آجائے اور غیر متوقع حالات ایسے پیش آجائیں کہ خلائی جہاز کو چھوڑ دینے کے سوا چارہ نہ رہے۔ تب بھی وہ سلامتی کے ساتھ مادر وطن، اپنی پیاری زمین کی طرف واپس پہنچ جائے گا۔

اسے یہ یقین اور وثوق کیسے پیدا ہوگیا ہے؟ اسے کس طرح پتہ لگ گیا کہ خلا کی غیر محدود وسعتوں میں جہاں حیات کا نام نشان تک نہیں وہ زندہ و سلامت رہے گا؟ مانا کہ وہ ایک ہوا بند حجرہ میں محفوظ ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ ایک مقفل اور بند دھات کے حجرہ میں اس کی زندگی اور بقا کی کیا صورت ہے۔ اور آخر کب تک وہ اس طرح مقید رہ کر زندہ رہ سکے گا؟ کیا اس بند حجرے میں اس کی غذا اور آکسیجن کی ہوا زہر آلودہ نہ ہوجائیگی اسے اپنے منہ سے نکلنے والی کاربن ڈائی آکسائڈ اور دیگر زہروں سے کس طرح چھٹکارا مل سکے گا۔ اسے کس طرح اطمینان پیدا ہوگیا ہے کہ سینکڑوں میل دور خلا میں اس کا جہاز اس کا محدود حجرہ صحیح سلامت رہے گا۔ اور پھر سلامتی کے ساتھ ہی زمین پر واپس لوٹ آئے گا؟

ان تمام سوالات کا جواب یہ ہے کہ وہ تحقیقاتی اور تجرباتی کام جس نے اس کے جہاز کو جنم دیا۔ اسکے پیچیدہ آلات کو مہیا کیا، زندگی کے بقا اور قیام کے تمام ضروری لوازمات کو فراہم کیا۔ اور وہ طویل مشق اور ٹریننگ جو اس نے کئی سال میں اس کام کے لئے حاصل کی۔ اس بات کی کافی ضمانت ہیں کہ وہ اپنے ارادوں میں کامیاب رہے گا۔ وہ اس کی خوشگوار

ہوگی:

خلائی دستوں میں انسان کا یہ تجربہ پہلا نہیں ہے۔ اس سے قبل بے شمار تجربات ہو چکے ہیں اور تقریب دو دو کے فاصلوں کا جائزہ لیا جا چکا ہے۔ ایک انسان کے خلا میں جانے سے پیشتر آلات بردار راکٹ نزدیک و دور کی سیر کر چکے ہیں اور ریڈیائی لہروں کے ذریعہ بہت سی معلومات زمین تک ارسال کر چکے ہیں۔ مصنوعی سیاروں نے زمین کے گرد بیسیوں مرتبہ گردش کی ہے۔ وہ سب کے سب حساس آلات سے لیس تھے ان میں سے بعض میں حیوانی مسافر بھی موجود تھے جن کے دل کی دھڑکنیں اور سانس کی کیفیات تنفس اور دوران خون کے تغیرات ریڈیو کے ذریعہ زمین تک پہنچ رہے تھے۔ اور یہ امر کا پتہ دے رہے تھے کہ خلا کے غیر مانوس ماحول میں انسانی جسم پر کیا اثرات مترتب ہوتے ہیں۔

یہ معلومات انتہائی طور پر ضروری تھیں اور ان پر ہی مستقبل کی کارروائیوں کا دار و مدار تھا۔ اس لئے ان کی صحت کو بار بار اور مختلف طریقوں سے جانچا گیا۔ راکٹ تو چند ہی منٹ خلا میں رہتے ہیں۔ لیکن غبارے بلندیوں میں گھنٹوں گھومتے رہتے ہیں۔ ان میں سے بعض ایک ایک لاکھ فٹ کی بلندی تک پہنچے۔ اور بعض صورتوں میں ۲۰۔۳۰ گھنٹے اوپر رہے۔ ان کے ذریعہ اس امر کا علم ہوا کہ دن اور رات کی تبدیلیوں سے کیا اثرات پیدا ہوتے ہیں۔ جب راکٹ ہوا کو چیرتے ہوئے اوپر اٹھتے ہیں تو ان سے یہ علم ہوتا ہے کہ مختلف بلندیوں پر حالات کی کیا نوعیت ہے اور فضا کس قسم کی ہے۔

فضا کی کیفیات کا مطالعہ کرنے کے لئے ہوائی جہازوں نے بہت کچھ حصہ لیا ہے۔ ان سے پتہ چلتا ہے کہ مختلف بلندیوں پر انسان کے لئے کس قدر آکسیجن اور کس قدر حرارت کی ضرورت پیش آتی ہے۔ جب شروع شروع میں ہوائی جہاز معرض وجود میں آئے تو ہوابازوں کے سامنے یہ مسائل نہیں آئے تھے۔ لیکن جوں جوں ترقی ہوتی گئی اور ہوائی جہاز زیادہ سے زیادہ بلندی تک پہنچنے لگے۔ تو ہواباز کی نشست گاہ اور اس کے سامان میں مناسب ترمیم ہوتی چلی گئی۔ جب وہ تین میل کی بلندی پر پہنچے تو وہاں ہوا کی مزاحمت میں نسبتاً کمی ہوگئی اور رفتار میں اضافہ ہو گیا۔ لیکن ساتھ ہی کئی نئے مسائل پیدا ہو گئے۔ مثلاً جب ہوا کی کثافت کم ہو جائے تو آکسیجن کی مقدار میں کمی واقع ہو جاتی ہے اور دباؤ اس قدر نہیں رہتا کہ وہ از خود آسانی کے ساتھ انسان کے پھیپھڑوں میں داخل ہو سکے۔

ہوائی جہازوں کے بعد بلند پرواز جیٹ منصۂ شہود پر آئے۔ اب اس بات کی ضرورت محسوس ہوئی کہ ہواباز کے لئے کافی آکسیجن اور ہوا کا کافی دباؤ ناگزیر ہے۔ ورنہ اس کا جسم اور اس کا دماغ صحیح طور پر کام کرنے سے قاصر رہے گا۔ اس ضرورت نے نیم دباؤ والے لباس کی طرف راہ نمائی کی۔ اور رفتہ رفتہ اس نے پورے دباؤ والے خلائی لباس والی شکل اختیار کر لی۔ جیٹ جہازوں میں ہواباز ایک بند کمرہ میں بیٹھا ہوتا ہے جس میں ہوا کا دباؤ مناسب حد تک برقرار رکھا جاتا ہے اور اس کی بدولت جیٹ جہاز محفوظ بلندی تک بے دھڑک چلا جاتا ہے:

رفتہ رفتہ ہمت اور کوشش سے بلند پروازی کے ریکارڈ قائم ہوتے گئے۔ یہاں تک کہ ایک وقت ایسا آگیا۔ جب جیٹ جہاز ہوا کی لطافت کے باعث مزید بلندی تک پہنچنے سے قاصر ہو گئے۔ اب راکٹوں اور غباروں کا دور شروع ہو گیا۔ راکٹ

تو سیکڑوں میل کی بلندی تک پہونچنے لگے اور ان کے ذریعہ مصنوعی سیارے بھی خلا میں چھوڑے جانے لگے۔ جن کا مدار حسب ضرورت پانچ پانچ ہزار میل تک چلا جاتا ہے۔ کئی لوگوں کے دلوں میں یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ یہ مصنوعی سیارے جن کا آجکل بہت چرچا ہے آخر ہیں کیا بلا؟ دراصل انسان کے بنائے ہوئے یہ سیارے ایک مکمل مگر بہت ہی چھوٹی سی چلتی پھرتی تجربہ گاہیں ہیں۔ جن کے ذریعہ مختلف قسم کی معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ بعض راکٹ ایسے ہوتے ہیں جو بہت دور تک آگے ہی آگے بڑھتے چلے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ سورج کے مدار میں پہونچکر اس کے گرد گھومنے لگتے ہیں۔ یہ سیارے مختلف بلندیوں پر کائناتی شعاعوں، زمین کے مقناطیسی اثرات، شمسی توانائی، درجہ حرارت، ہوا کی کثافت شہابیوں کی مقدار اور ان کی رفتار کے بارے میں اطلاعات فراہم کرتے ہیں۔

اگر ہم راکٹوں اور مصنوعی سیاروں کے ساتھ خلا میں جانا چاہتے ہیں تو ہمیں قطعی طور پر معلوم ہونا چاہیئے کہ کس قسم کی اطلاعات کی ہمیں ضرورت ہے اور وہ اطلاعات کس قسم کے آلوں کے ذریعہ حاصل کی جاسکتی ہیں۔ ان اطلاعات کی فراہمی کے لئے ضروری ہے کہ ہم غباروں، راکٹوں اور مصنوعی سیاروں کو مناسب آلات سے لیس کریں اور اس امر کا تجربہ کریں کہ خلا میں جانے کے بعد انہیں سلامتی کے ساتھ واپس زمین تک کس طرح لایا جاسکتا ہے۔ کوئی دریافت کرسکتا ہے کہ بالفرض ایک مصنوعی سیارہ کو ضروری آلات سے لیس کردیا گیا۔ لیکن جب اسے زمین پر واپس لانے کی کوشش کی جائے گی تو کیا وہ زمین سے ٹکراکر چکنا چور نہ ہوجائیں گے اور کیا وہ راکٹ کے چلنے کے وقت ان زبردست دھکوں کو برداشت کرلیں گے جو اس کے انجن اسے دیتے ہیں۔ اگر آلات کے ٹوٹنے کا ڈر ہے

تو ان کو مسالہ اور ربڑ سے محفوظ کر دیجئے۔ اور پھر ایسا انتظام کر دیجئے کہ وہ خود بخود مناسب وقت پر راکٹ سے الگ ہو جائیں اور خود کار پیراشوٹ کھل کر ان کو حفاظت سے زمین تک پہنچا دے۔ اگر آج تجربات آلات کے بارے میں کامیاب ہوگئے۔ تو کل حیوانوں اور پرسوں انسان کی باری آجائے گی۔

یہ سمجھنا حماقت ہے کہ یہ ایسی کل ہے جو کبھی نہیں اٹکتی۔ انسان کو جو ذہن رسا دیا گیا ہے اور جو صلاحیتیں اسے ودیعت کی گئی ہیں ان کی بدولت کل کل نہیں رہتی۔ بالآخر وہ آپ کھنچی پر راکٹوں میں رکھے ہوئے آلات نے اب ہمیں اس امر سے باخبر کردیا ہے کہ خلا کے کس حصہ میں صورت حال کیا ہے اور اس کا حیوانی زندگی پر کیا اثر پڑتا ہے۔ جب حیوانات کو خلا میں بھیجا جانے لگا۔ تو آلات سے ہمیں یہ معلوم ہونے لگا کہ وہاں پر ان کا طرز عمل کیسا رہا۔ ان کے جسم پر کس قسم کے اثرات پیدا ہوئے ان کا درجہ حرارت کتنا رہا۔ ان کے حسی آلات کس حد تک متاثر ہوئے ان کی ظاہری شکل وصورت میں کیا کیا تغیرات رونما ہوئے۔ کیا انہوں نے نئے ماحول میں کوئی چیخ و پکار کی۔ اگر انہوں نے کوئی آواز نکالی تو وہ کس قسم کی تھی۔ کیا اس میں خوف گھبراہٹ اور بے چینی کے آثار پائے جاتے تھے۔ ان کے خون کے دباؤ کی کیا نوعیت تھی۔ ان کے دل کی حرکت تیز تھی یا سست، اس میں یکسانیت اور باقاعدگی تھی یا اتار چڑھاؤ کی کیفیت۔ اگر ایسا ہوا ہے تو اس کا اصل سبب کیا تھا۔ کیا اس کے دل پر کوئی بوجھ پڑا ہے اور اگر پڑا ہے تو کس سمت سے۔ اس تبدیلی کے وقت خلائی سواری کس سمت میں اور کس رفتار سے حرکت کر رہی تھی۔

یہ امر بھی انتہائی ضروری ہے کہ یہ سب معلومات اس رنگ میں حاصل ہونی چاہئیں کہ ذہنی یا جسمانی طور پر حیوانی مسافر کو

ذرا بھی تکلیف نہ ہو۔ آلات ایسے ہونے چاہئیں جو اس کی کھال کے اندر نہ داخل کئے گئے ہوں بلکہ باہری ہوں۔ پھر وہ ایسے ہوں کہ ایک ایک منٹ میں کئی کئی بار اطلاعات فراہم کر سکیں اور وہ بھی خود بخود اور پوری صحت کے ساتھ۔

ان تجربات کے دوران میں ضرورت محسوس ہوتی نئے اور خاص قسم کے نازک آلات تیار کریں۔ مثلاً اگر چوہوں پر تجربہ کرنا مقصود ہو تو یہ دیکھئے کہ کیا چوہے ان تاروں کو جن سے ان کے دل کی دھڑکنیں ریکارڈ کرنا مطلوب ہیں کاٹتے تو نہیں اگر وہ کاٹتے ہیں تو انہیں نرم ڈوریوں سے باندھ دینا مناسب ہوگا بعض اقسام چوہوں کی ایسی ہوتی ہیں کہ اگر انہیں باندھ دیا جائے تو وہ جلد مر جاتے ہیں۔ ایسی صورت میں اس قسم کے ریڈیو بنانے پڑیں گے۔ جو ان کے جسم کے ساتھ لگے ہونے کے باوجود حرکت میں مزاحم نہ ہوں۔ وہ اتنے چھوٹے اور اتنے ہلکے ہوں کہ چوہا بغیر تکان محسوس کئے انہیں اٹھائے رکھے۔ لیکن باایں ہمہ وہ اس قدر طاقتور ہوں کہ وہ چوہے کے دل کی دھڑکنوں کو زمین تک ارسال کر سکیں۔

جب کسی چوہے یا دوسرے حیوان کو خلائی حجرہ میں رکھا گیا ہو تو یہ دریافت کرنا ضروری ہوگا کہ حجرہ کا درجہ حرارت کتنا ہے۔ اس میں آکسیجن اور کاربن ڈائی آکسائڈ کی مقدار کتنی ہے۔ اور کس رفتار سے چل رہی ہے۔ ہوا کا دباؤ کتنا ہے۔ درجہ حرارت قابل برداشت اور قابل افزائش ہے یا نہیں اور آبی بخارات کی مقدار کس قدر ہے اور ان تمام امور کے لئے ایسے آلات کی ضرورت ہے۔ جو کافی حساس ہونے کے ساتھ صحیح اور قابل اعتماد اطلاعات فراہم کر کے فقط یہ ریکارڈ ہوتی جائیں۔ اور حجرہ کے اندر رکھے ہوئے ٹرانسمیٹر انہیں زمین تک پہنچا دیں۔

پھر اس امر کی بھی ضرورت ہے کہ ایسے تجربات صرف چوہوں پر نہ ہوں بلکہ مختلف قسم کے جانوروں پر کئے جائیں تاکہ جس خصوصیت یا خاص امر کا مطالعہ کرنا مقصود ہے اس کے بارے میں مکمل اور قابل اعتماد اطلاعات مل سکیں۔

انہی خطوط پر تجربات کا آغاز ہوا۔ ابتداً چوہوں پر تجربے کئے گئے۔ پھر بلیوں اور کتوں کو استعمال کیا گیا۔ جب اس میں کامیابی ہو گئی اور انہیں سلامتی کے ساتھ واپس لانے کی تکنیک پایۂ تکمیل کو پہنچ گئی۔ تو آخری تجربہ بندروں پر کیا گیا۔ یہ بندر ۱ لاکھ ۲۶ ہزار فٹ (تقریباً ۲۴ میل) کی بلندی تک پہنچ گئے۔ ان کے ساتھ چوہے بھی رکھ دیئے جاتے تھے۔ جب یہ تجربہ کامیاب رہا تو اتنے جانوروں کو اکٹھا بھیجا گیا۔ جن کا مجموعی وزن انسان کے وزن کے برابر تھا۔ وہ ۲۰۰ میل کی بلندی تک گئے۔ جب یہ قافلہ بھی سلامتی کے ساتھ واپس آ گیا تو اس امر کا علم اور اطمینان ہو گیا۔ کہ حجرہ میں جو انتظام درجہ حرارت کو برقرار رکھنے اور ہوا کو صاف رکھنے کے لئے کیا گیا تھا۔ وہ درست اور تسلی بخش تھا اور انسان پر بھی اس کا تجربہ کیا جا سکتا ہے۔

اب انسان کی باری بھی آ گئی۔ پلاسٹک کا ایک غبارہ تیار کیا گیا جس میں ۲ لاکھ مکعب فٹ جگہ تھی۔ اس غبارہ کو ہیلیم سے بھر کر اوپر چھوڑا گیا۔ اور ایک باہمت انسان نے ہوابند حجرہ میں بیٹھ کر متواتر ۳۲ گھنٹے تک پرواز کی۔ اس کے جسم کے ساتھ بھی اسی طرح آلات لگے تھے جس طرح اس سے قبل چوہوں یا بندروں کے ساتھ لگائے جاتے تھے۔ یہ تجربہ صرف آلات کی فراہم کردہ اطلاعات تک محدود نہیں رہا۔ بلکہ ڈاکٹروں اور سائنسدانوں کا ایک بورڈ مقرر کیا گیا جنہوں

سے نیچے بیٹھے ہوئے ہی ریڈیو کے ذریعہ مختلف سوالات دریافت کرنے شروع کر دیئے ان کی توجہ نہ صرف جوابات پر مرکوز رہی بلکہ وہ بڑی دلچسپی سے دیکھ رہے تھے کہ جوابات کیسے دیئے جا رہے ہیں بورڈ کے ممبروں نے اپنی اپنی دلچسپی کے مطابق سوالات دریافت کئے اور ان کے جواب حاصل ہوتے۔ یہ تجربہ چونکہ انسان پر ہو رہا تھا۔ اس لئے اب اطلاعات زیادہ مکمل اور زیادہ قابلِ اعتماد تھیں۔ سوالات کچھ اس قسم کے تھے۔ تم کتنی دور تک دیکھ سکتے ہو؟ آسمان کتنا تاریک یا روشن ہے؟ ہوا کیسی ہے اوپر کی ہوا میں انعطاف نور کی کیا صورت ہے؟ بحیثیت مجموعی تمہارا احساس کس قسم کا ہے؟ کیا تم اس سے زیادہ دیکھتے اور محسوس کرتے ہو جتنا کہ آلات دیکھتے اور محسوس کرتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔

خلائی وحشت کیوں کے باوجود انسان کے سر پر یہ جنون سوار ہے کہ وہ خلائی سفر کرے گا۔ ستاروں کی گردش، دکم از کم چاند تک ضرور پہنچے گا اور سلامتی کے ساتھ واپس آ جائے گا۔ اس مقصد کے پیش نظر اس نے اپنی عقل خداداد سے کام لے کر یہ راہ اختیار کی ہے کہ وہ قدم بہ قدم آگے بڑھ رہا ہے۔ پہلے اس نے آلات بردار راکٹ اور غبارے چھوڑے۔ اس کے بعد جانوروں پر تجربات کئے۔ اور اب وہ خود تختۂ مشق بن رہا ہے۔ وہ قریبی خلا میں جا چکا ہے۔ اور چار دن اور چار راتیں وہاں رہ کر سلامتی کے ساتھ واپس آ گیا ہے۔ ہر قدم نے اس کے علم اور تجربے میں اضافہ کیا ہے اور اسے آگے بڑھنے میں مدد دی ہے۔ اس کی قریبی منزل چاند ہے۔ لیکن وہاں تک رسائی حاصل کرنے کے لئے اسے ابھی بہت سے مدارج طے کرنا ہیں۔

مستقبل میں اس کی کوششیں کامیابی سے ہمکنار ہوتی ہیں یا نہیں۔ یہ تو وقت ہی بتلائے گا۔ لیکن اس وقت جو کامیابی ہو چکی ہے۔ اس سے قرآن کریم کی یہ صداقت واضح ہو جاتی ہے کہ خدا تعالےٰ نے انسان کو احسن تقویم پر پیدا کیا ہے اور نہایت اعلےٰ درجہ کے قویٰ اور نہایت اعلےٰ صلاحیتوں کے ساتھ مشرف کیا ہے۔ کاش انسان کامیابیوں اور نئی معلومات کو نسل انسانی کی فلاح و بہبود کے لئے استعمال کرے اور خود غرضی اور طاقت کا گھمنڈ اسے جادۂ مستقیم سے منحرف نہ کر دے۔ اور فرعونیت کا بھوت اس کے سر پر سوار نہ ہو جائے ۔۔۔۔۔ اس تمام ۔۔۔ تحقیق و تفتیش کے دوران اس نے ضرور دیکھ لیا ہوگا کہ قدرت کے قوانین ہر جگہ کارفرما ہیں اور خلائی وسعتوں میں بھی نظم و ضبط پایا جاتا ہے۔ جس سے کسی طرح مفر نہیں۔ کاش اسے اب بھی یہ سمجھ آ جائے کہ ایک قادر اور بالا ارادہ ہستی اس نظام کو برقرار رکھے ہوئے ہے۔ اور اس کی اطاعت کا جُوا اٹھانے سے کسی کو مفر نہیں وہی ہمارا مقصود اور مسجود ہونا چاہیئے۔ انجامکار راحت اور سکون اسی کی اطاعت اور فرمانبرداری میں ہے ؛

بقیہ صفحہ ۱۵

۔۔۔ ابھی تیری "انقلاب زا" دعاؤں کے محتاج ہیں"۔

محمود: اے رب مجھ کو ایک حسین خواب تصور کر رہا تھا۔ وہ اپنے سامنے تین سال قبل کا "خوابی نظارہ" دیکھ رہا تھا۔ چھوٹی چھوٹی داڑھی، شلوار اور اس پر سفید قمیص نہیں نہیں یہ کوئی خوابی نظارہ نہ تھا یہ وہ حقیقت تھی جو محمود کی اپنی ہی دعاؤں کا نتیجہ تھی ؛ (۲۷ اگست ۱۹۶۳ء)

محمد علی اولڈ بوائے

احساسِ کمتری

احساسِ کمتری عدمِ خود اعتمادی کا دوسرا نام ہے۔ اس کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں۔ پہلی صورت یہ ہے کہ احساسِ کمتری رکھنے والا فرد ہر گام پر اپنے آپ کو کمتر محسوس کرے یعنی زندگی کے طور طریقوں اور رسم و رواج سے فائق ہونے ماحول میں جانے سے گھبرائے۔ ہر وقت دوسروں سے پیچھے پیچھے رہے اور گوشۂ تنہائی میں رہنا پسند کرے۔ جب بھی وہ کوئی کام کرنے لگے تو دل میں احساس ہو کہ وہ غلط کرے گا اور دوسرے اس کو حقارت کی نظر سے دیکھیں گے وغیرہ۔

دوسری صورت یہ ہے کہ (الف) اس احساس کو دور کرنے کی کوشش کرنا اور کامیابی حاصل کرنا (ب) اس جدوجہد میں ناکام رہنا اور اس کے بعد ایسا رویہ اختیار کرنا کہ اسے احساسِ کمتری نہیں ہے بلکہ دوسرے لوگوں سے وہ بہتر آدمی ہے۔ ایسا شخص غیر ارادی طور پر اپنے آپ کو کمتر خیال کرتا ہے لیکن ارادی طور پر یہ واضح کرتا ہے کہ وہ کمتر نہیں ہے۔

کوشش کے ناکام یا کامیاب رہنے کا اندازہ اس طرح لگایا جا سکتا ہے کہ اگر کسی شخص نے اپنی خامیوں اور کوتاہیوں کو دور کرنے کی کوشش کی۔ اور سوسائٹی نے مان لیا کہ واقعی اس شخص کی وہ خامیاں دور ہو چکی ہیں۔ تو اس کوشش کو کامیاب کہا جا سکتا ہے۔ ایسے شخص میں خود اعتمادی پیدا ہو جاتی ہے کوشش کے ناکام رہنے سے مراد یہ ہے کہ سماج نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا کہ فلاں شخص نے اپنی خامیوں سے کنارہ کشی کر لی ہے۔ یا ایسی کوئی خوبی یا وصف پیدا کر لیا ہے کہ اس کی خامیاں چھپ جائیں۔ ایسے شخص کا عموماً مذاق اڑتا ہے۔ اس نوع کی سعی کو ناکام پاتے ہوئے ایسا شخص ردِ عمل کا آغاز کرتا ہے وہ اپنی حرکات و سکنات سے یہ ثابت کرنے کا اہتمام کرتا ہے کہ وہ دوسروں سے ارفع ہے۔ پُر تکلف لباس، خاص اندازِ تقریر "پدرم سلطان بود" کے مطابق اپنی اور اپنے آباؤ اجداد اور اپنے دوستوں کی لیاقت، اہلیت اور عمارت کا ڈھنڈورا پیٹتا ہے۔ اس قسم کے ہزاروں حربے استعمال کئے جاتے ہیں تاکہ ثابت ہو کہ وہ کوئی ادنیٰ شخص نہیں۔ "میرا فلاں ہم جماعت ڈپٹی کمشنر ہے۔" "میرے چار دوست لندن میں زیرِ تعلیم ہیں۔" "میں اتفاق سے ایسا ہوں میرا باپ بیس دیہات کا مالک تھا۔" "میں شلوار قمیص نہیں پہنا کرتا۔" "میرے چار گرم سوٹ اور چار سرد سوٹ ہیں۔" "میں اچار کو ہاتھ نہیں لگاتا۔ روزانہ گوشت کھاتا ہوں" وغیرہ۔

بچوں کا استاد یا والدین کی موجودگی میں اپنے آپ کو کمتر سمجھنا ایک قدرتی بات ہے۔ احساسِ کمتری مرض کی صورت اس وقت دھارتا ہے۔ جب ایک شخص دائمی طور پر اپنے آپ کو کمتر سمجھنے لگے اور اس جذبہ یا احساس کی وجہ سے دوسروں سے الگ تھلگ رہے۔ یا ثابت کرنا چاہے کہ

وہ دوسروں سے گھٹیا نہیں۔ احساس کمتری کے شکار کو ہر لمحہ یہ فکر دامنگیر رہتی ہے کہ وہ دوسروں سے یہ چیز منوائے کہ وہ کسی سے کمتر نہیں۔ اس مرض کا مریض ہمہ وقت اس فکر میں رہتا ہے کہ لوگ اسے کیا سمجھتے ہیں۔ احساس کمتری کا مریض ہر معمولی بات کو بھی اپنی تحقیر سمجھتا ہے اور لوگوں سے دست و گریباں ہوتا نظر آتا ہے۔ ہمارے پاکستان کے ایک شہر میں ایک دفعہ کسی شخص کو دوسرے شخص کے بعد چائے ملی تو اس نے اس کو اپنی ہتک خیال کرتے ہوئے فوراً چائے لانے والے بیرے کو کہا۔

"تم مجھے کیا خیال کرتے ہو مجھے سب سے آخر
میں چائے پیش کرنے کی کیا وجہ؟"

دراصل وہ اپنے اس احساس کو مٹا رہا تھا کہ وہ کسی سے کم ہے۔ احساس کمتری کا مریض چھوٹی چھوٹی باتوں میں ٹانگ اڑا کر اپنی برتری منوانا چاہتا ہے۔ وہ اپنے معاملات میں ہر وقت دوسروں کا محتاج ہوتا ہے۔ اسے ہر وقت اس چیز کا خیال ہوتا ہے کہ دوسرے اس کے متعلق کیا خیال کرتے ہیں۔ وہ جو بھی کرتا ہے دوسروں کو متاثر کرنے کے لئے کرتا ہے۔

نفسیاتی نقطۂ نگاہ سے احساس کمتری معاشرتی زندگی پر بہت برے اثرات ڈالتا ہے۔ کیونکہ ایسے ماحول میں زندگی کا کوئی کام نہ چل سکے گا۔ ایک شخص کو افسر بھی بننا پڑے گا اور بعض اوقات ماتحت بھی۔ اس لئے احساس کمتری کا مریض ہر کام پر ناکام رہے گا۔ جب اسے ہر وقت یہی فکر رہے گی کہ اگر اس نے فلاں کام کیا تو دوسرے اسے کیا سمجھیں گے وہ کوئی کام بھی بخوبی نہ کر سکے گا۔ پس ہمارا اس مرض سے بچنا ازبس ضروری ہے۔

(بقیہ صفحہ ۳)

رکھتا تھا کہ وہ اپنے مضمون پر پوری طرح حاوی ہو، وہ جس علم کی تحصیل کا بھی ارادہ کرے اسے کمال تک پہنچا دے مختصراً وہ اپنے علم و فن کا شہسوار ہو۔ اسے نیاز کے اس طرح روپوش ہو جانے پر بہت دکھ ہوا۔ وہ اکثر اس کی شومئ قسمت پر خون کے آنسو بہاتا رہتا۔

رہائی کے پانچویں دن جبکہ یونیورسٹی کے تمام طلباء ایک ٹرپ پر گئے ہوئے تھے۔ اور محمود ناسازئ طبع کے باعث ہوسٹل میں ہی تھا۔ نیاز اچانک یونیورسٹی کی حدود میں نمودار ہوا۔ وہ تیز قدم رکھتے ہوئے محمود کے کمرہ کی طرف بڑھ رہا تھا۔ دارالاقامہ کے ملازمین اسکو بالکل نہ پہچان سکے۔ مشرقی لباس میں ملبوس وہ کوئی اور ہی انسان نظر آ رہا تھا۔ گذشتہ سات دن کے اندر اندر اس کے افکار و خیالات میں ایک زبردست انقلاب رونما ہو چکا تھا۔ ایسا کیوں نہ ہوتا۔ وہ اپنے نہایت ہی ہمدرد دوست سے ملنے کے لئے ہر آن بےتاب تھا۔ اپنے کردار میں تبدیلی کئے بغیر محمود سے ملنا اس کے نزدیک حد درجہ کی ناپاسی تھی۔ اب تو اسے محمود کی معمولی سے معمولی خواہش کا بھی احترام تھا۔ دور سے ہی جب محمود کے کراہنے کی آواز سنی۔ تو وہ زیر لب ولولہ انگیز انداز میں یہ شعر گنگنانے لگا۔

ہوتا ہے آج فیصلہ امید و یاس کا
سنتا ہے لو وہ دل کر لیا اور آ گیا

جونہی نیاز کمرہ میں داخل ہوا اس کے منہ سے بے اختیار نکلا۔ "محمود! غم خوار ملت محمود! خاطر جمع رکھو۔ تمہارے درد کا علاج حاضر ہے۔ اب تم بہت جلد شفا پا جاؤ گے۔ خدا کا رحم محمود! خدا تمہارا نگہبان! رب العزت تمہارا حامی و مددگار! قوم کو بھی تمہاری قیمتی جان کی بہت ضرورت ہے۔ مجھ جیسے کج مزاج

(باقی دیکھیں صفحہ ۳۰)

چوہدری محمد نواز
ایف اے سال دوم

دُنیا کا سب سے بڑا جرنیل

آج قومی عصبیت کا دور دورہ ہے۔ دنیا کی ہر قوم اور ہر ملک کے تاریخ نویس اس بات پر زیادہ سے زیادہ زور صرف کرتے ہیں کہ ان کے ہیرو کو دنیا کا سب سے بڑا انسان تسلیم کیا جائے۔ تاریخوں میں ایسے بے شمار نام ملیں گے جن کے ساتھ "فاتح اعظم" "عظیم سپاہی" "دنیا کا سب سے بڑا جرنیل" وغیرہ القاب لکھے ہوئے ہوں گے۔ لیکن اگر کوئی مورخوں کے عطا کردہ ان اعزازات کو دلیل اور انصاف کے ترازو میں تولنے لگے تو مایوسی اور افسوس کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئیگا۔ تحقیق کرنے والا دیکھے گا کہ محض قوم پرستی کے جوش میں بعض ایسے لوگوں کو بھی ان اعزازات سے نواز دیا گیا۔ جن کے قابلِ نفرت کارنامے اجازت نہیں دیتے کہ انہیں تاریخ کے صفحات میں ادنےٰ سا مقام بھی دیا جائے۔ لیکن حضرت خالد بن ولید کے حالات پڑھنے والا ہر انصاف پسند اور صاف ذہن رکھنے والا انسان محسوس کرسکتا ہے کہ اسلام کے اس عظیم الشان فرزند کے نام کے ساتھ "دنیا کا سب سے بڑا جرنیل" لکھنا ایک بہت ادنیٰ درجہ کا خطاب ہے۔ ان کے محیر العقول کارنامے دلیل بن کر قدم قدم پر مطالبہ کرتے ہیں کہ فرزندِ اسلام کو تمام دنیا کی تاریخ میں انہیں وہ مقام دیا جانا چاہیئے جس کا مستحق دنیا کے کسی فاتح، کسی جرنیل اور کسی سپاہی کو نہیں سمجھا گیا

یقیناً دوسری قوموں اور ملکوں کی تاریخوں میں بھی ایسے لوگوں کے تذکرے ملیں گے۔ جنہوں نے اپنی تلوار اور تدبیر کے بل بوتے پر زمانے سے اپنا لوہا منوایا۔ جنہوں نے بڑے بڑے معرکے سر کرکے قوموں کی قسمتیں اور دنیا کا نقشہ بدل دیا۔ لیکن اپنی پوری زندگیوں میں انہوں نے کتنی بار یہ کارنامے انجام دیئے۔ جن قوموں اور ملکوں کو انہوں نے شکستیں دیں۔ ان کی حربی قوتیں کیا تھیں؟

اگر ان سوالوں پر غور کیا جائے۔ تو دنیا کے اور فاتحین کو حضرت خالد بن ولید کے مقابلہ میں نہیں لایا جاسکتا۔ تاریخ شاہد ہے کہ ہمیشہ قوت کے نشہ میں سرشار ہوکر طاقتور قوموں نے اپنی کمزور ہمسایہ قوموں پر یلغار کی اور شہنشاہوں کے تنخواہ دار فوجوں نے ظلم و زیادتی کی۔ ان داستانوں کو شجاعت اور قربانی کا ملمع چڑھا کر تاریخ کے اوراق کی زینت بنادیا۔

جولیس، سکندر، نپولین اور دنیا کے دوسرے فاتحین کی داستانوں کا تجزیہ کرنے کے بعد صرف یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ طاقت نے کمزوری کو، کثرت نے قلت کو اور ظالم نے مظلوموں کو فتح کیا۔

ان فاتحین کی داستانوں میں حضرت خالد بن ولید کی فتوحات ایک رنگ۔ کہاں کہ ہمیشہ مظلوموں نے ظلم کے گریبان کی طرف ہاتھ اٹھایا۔ قلت نے کثرت کو چیلنج کیا ہو۔ یا پیادہ غازیوں نے آہن پوش سواروں کو نیچا دکھایا ہو۔

دنیا کے دوسرے فاتحین کی داستانوں میں ایسے کتنے بندہ

مکوڑے کہاں کہ جنگ یرموک میں دشمن کی دو لاکھ سے زیادہ فوج کے مقابلہ میں صرف ۲۰-۳۰ ہزار مجاہد لیکر نکلتے ہیں اور اس شان کے ساتھ فتح حاصل کرتے ہیں کہ دشمن کو پیٹھ پھیر کر دیکھنے کی جرأت نہیں ہوتی۔ جنگ موتہ میں ایک لاکھ لشکر کے مقابل پر صرف تین ہزار مسلمان جانباز تھے۔ جب آپ ایسے وقت میں فوج کی کمان سنبھالتے ہیں جبکہ تین جلیل القدر سپہ سالار جامِ شہادت نوش کر چکے ہیں۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ ایک مسلمان بھی زندہ بچ کر نہیں جائے گا۔ لیکن حضرت خالد بن ولید کی بے مثل شجاعت اور کمال فراست و خوش تدبیری نے باقی ماندہ مسلمانوں کو دشمنوں کی فوج کے نرغہ سے نکال دیا۔

اپنے وطن سے منزلوں دور، پرائے ملک میں آکر ایسے بے سروسامان لشکر کا رومیوں اور ایرانیوں کے عظیم الشان لشکروں کو شکست دینا معجزے سے کم نہیں۔ حضرت خالد نے عراق اور شام میں جتنی لڑائیاں لڑیں ان تمام میں کوئی جنگ ایسی نہیں جس میں مسلمانوں کی تعداد دشمن کی تعداد کے نصف کے بھی برابر ہو۔ لیکن ہر معرکہ میں مظفر و منصور رہے اور ہر لڑائی میں دشمن کو نیچا دکھایا۔

یہ ایسی باتیں ہیں جو کسی قوم کے ہیرو اور دنیا کے کسی بھی جرنیل کی زندگی میں نہیں ملتیں۔ انسانیت کی پوری تاریخ میں صرف حضرت خالد بن ولید ہی ایسے جرنیل ہیں۔ جنہوں نے دشمن کی کثرتِ تعداد اور سامانِ حرب کی فراوانی کے باوجود تمام بڑی لڑائیاں حسن تدبیر اور شجاعت کے بل بوتے پر فتح کیں۔

اپنے عہد کا پاس، پاکبازی، فرض شناسی اپنی جان کے مقابلے میں اپنے مشن سے محبت، ناقابل شکست اعتماد اور بے نظیر شجاعت، یہ تمام خوبیاں حضرت خالد کے کردار میں بدرجہ اتم نظر آتی ہیں۔ انہوں نے اپنے مقصد کے مقابلے میں اپنی زندگی کو کبھی عزیز نہیں رکھا۔ دوسرے جرنیلوں کی طرح قلب لشکر میں محفوظ مقام پر رہ کر احکام صادر کرنے کی بجائے وہ ہمیشہ پہلی صف میں رہ کر دشمن سے دست بدست جنگ کرتے تھے انہیں اسلام کی صداقت اور اپنی مہم کی کامیابی کا اس طرح یقین تھا جس طرح ہر روز سورج نکلنے کا۔ وہ قبل از وقت دشمن کی جنگی چالوں کو سمجھنے میں اپنا جواب نہ رکھتے تھے۔ ان کی زیادہ سے زیادہ کوشش ہوتی تھی کہ کم سے کم جانی نقصان سے فتح حاصل ہو۔ بے غرضی اور اولی الامر کے ساتھ وفاداری کا یہ عالم تھا کہ اپنی معزولی کی خبر سنکر پیشانی پر بل تک نہیں آیا۔ یہی وہ خوبیاں ہیں جن کی وجہ سے آج تک مخالفین بھی یہ حقیقت تسلیم کرنے پر مجبور ہیں کہ

"خالد دنیا کا سب سے بڑا جرنیل ہے"۔

بقیہ تعلیم الاسلام انٹرمیڈیٹ کالج گھٹیالیاں

اس کے ذریعہ حقیقی اسلام کی اشاعت کی غرض بھی پوری ہو اور اس کے ساتھ ہی اس علاقہ کو علوم جدیدہ کی روشنی سے منور کیا جائے۔ قارئین کرام دعا فرمائیں کہ اللہ تعالےٰ اپنے فضل سے ہم کو اس نہایت اہم ذمہ داری کے ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اور اس کالج کو ترقی اور عروج تک پہنچنے کی سعادت مندی سے بہرہ ور فرما وے آمین

مولوی محمد عثمان صاحب ایم۔ اے

تعلیم الاسلام انٹرمیڈیٹ کالج گھٹیالیاں کے مختصر کوائف

تعلیم الاسلام کالج گھٹیالیاں کا اجرا باقاعدہ طور پر یکم ستمبر ۱۹۶۱ء سے ہوا۔ کالج ہذا پر اگرچہ اب تک ایک سال ہی گذرا ہے۔ تاہم اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ دن بدن ترقی کے راستے پر گامزن ہے۔ اب تک سیکنڈری بورڈ کی طرف سے کالج کا معائنہ دو دفعہ ہو چکا ہے اور دونوں مرتبہ ہی معائنہ نہایت کامیاب رہا ہے۔ اس وقت کالج میں نہم دسویں گیارہویں اور بارہویں چار جماعتیں ہیں۔ کلاس نہم اور دہم میں داخلہ کی رفتار بہت خوشکن ہے۔ سٹاف تقریباً سات ممبران پر مشتمل ہے جو انگریزی، تاریخ، فارسی، عربی، اردو، اسلامیات اور فلسفہ وغیرہ پڑھاتے ہیں۔ کالج ہذا کی باقاعدہ سٹوڈنٹ یونین بھی بنی ہوئی ہے۔ یونین تقریباً ہر جمعرات کو اپنے علمی اجلاس منعقد کرتی ہے جس میں تمام طلباء شوق سے حصہ لیتے ہیں۔ کھیلوں کے لحاظ سے فٹ بال، والی بال اور بیڈمنٹن کی ٹیمیں بنی ہوئی ہیں اور کالج کے وسیع میدان میں شام کو مختلف کھیلیں ہوتی ہیں۔

کالجوں میں لائبریری ایک نہایت ضروری چیز ہے چنانچہ اس کالج میں لائبریری اور ساتھ ہی ریڈنگ روم بھی ہے جہاں مختلف اخبارات اور اردو انگریزی رسائل پڑھنے کا معقول انتظام ہے۔ طلبہ فارغ وقت میں یہاں بیٹھ کر افادہ کرتے ہیں۔ لائبریری بالکل جدید اور نہایت مفید کتابوں پر مشتمل ہے۔ کالج کی عمارت پختہ ہے۔ اور ہال کے علاوہ آٹھ کھلے کمروں پر مشتمل ہے اور عمارت سے ملحق چھوٹا سا پارک ہے۔ جس میں عمدہ روشیں بنی ہوئی ہیں۔ ایک غیر مسقف مسجد بھی ہے اور اب عرصہ چار ماہ سے ڈاکخانہ بھی قائم ہے۔

کالج کی عمارت بروالیو ریلوے سٹیشن سے آٹھ میل اور کلاسوالہ سے بھی تقریباً اتنے ہی فاصلہ پر واقع ہے اور ایسی پرفضا جگہ میں ہے جو کالج کے لئے نہایت موزوں ہے۔ یعنی شہری ہنگامہ سے بالکل الگ تھلگ پرسکون اور سادہ ماحول کالج کی جاذبیت اور اہمیت میں اور بھی اضافہ کرتا ہے۔

یہ مختصر سے کوائف اس تعلیمی ادارہ کے ہیں جو ضلع سیالکوٹ میں اس غرض سے جاری کیا گیا ہے۔ تاکہ

(باقی ۲۱ پر)

افسانہ

موجوں کی سیاست سے مایوس نہ ہو اے دل
گرداب کی ہر تہ میں ساحل نظر آتا ہے

چوہدری رشید احمد جاوید بی۔ اے تھرڈ ایئر

ذہانت و فطانت بلا کی۔ محمود ذکاء غیر معمولی فطرت کا درجہ سلیم، واللہ تعالیٰ کا محمود پر بڑا احسان تھا۔ وہ بھی اللہ کی انعامات اور احسانات سے بے خبر نہ تھا۔ اس کا دل مروت خداداد، نعمتوں کے شکر سے معمور رہتا۔ خلق، نہ سے اسے بہت ہی پیار تھا۔ قوم و ملت کی محبت گویا اسکی جبلت میں شروع سے ہی ودیعت کر دی گئی تھی۔ وہ اکثر اپنے ہم نشینوں کو نصیحت کرتا رہتا کہ "ہم سب قومی ترقی اور ملی سربلندی و رفعت کی فلک بوس عمارت کے معمار ہیں۔ ہمیں اپنے اندر ملیت کا احساس اور اولوالعزمی کو جنم دینا ہے۔ اپنے اخلاق کو سنوارنا ہی نہیں بلکہ ان میں الٰہی رنگ پیدا کرنا ہے۔ ہم اپنی قوم کی اقدار اور ملکی روایات کے نگہبان ہیں۔ خدا نہ کرے ہماری نگہبانی اور فرض حفاظت میں کوئی فرق آ جائے۔ ہمارا معاشرہ ہماری محنت کا رہین منت ہے۔ اگر ہم اپنی قوتوں اور اپنے افعال سے اسکی عمارت پر گندگی اور کچی اینٹیں لگائیں اور اسکی دیواروں کو ویرانی اور مدہوشیت کے نذر کر دیا تو ہماری مستقبل کی نسلیں ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گی۔"

اخلاقی انحطاط اور پست کرداری کا مظاہرہ اس کے ننھے سے حساس دل کو تیروں کی مانند چھلنی کر دیتا۔ قوم سے محبت ہی کا نتیجہ تھا کہ اسے ۱۶ سال کی چھوٹی سی عمر میں اپنے شہر کی "مجلس اصلاح معاشرہ" کا باقاعدہ رکن بننا پڑا۔ وہ بہت جلد اراکین مجلس میں ہر دلعزیز ہو گیا۔ مجلس کے نئے انتخاب پر اسے اتفاق رائے سے "جنرل سیکرٹری" بنا دیا گیا۔ سن چھیاسٹھ میں اس نے ایف۔ ایس۔ سی (پری میڈیکل) کا امتحان ڈویژن بھر میں اول پوزیشن حاصل کر کے اعزاز سے پاس کر لیا۔ والدین اور بھائی بہنوں کی خوشی تو خیر ایک فطری تقاضا تھی۔ تمام اہل شہر بھی اس کی نمایاں کامیابی پر یکساں مسرور تھے۔ وہ سب محمود کے اندر ایک نمایاں شخصیت کے آثار دیکھنے لگے۔

اسی دوران حکومت کی طرف سے اعلان ہوا کہ "ناجیبہ یونیورسٹی" (Karawaczlyi university) نے ہمارے ملک کے طلباء کو مختلف مضامین میں وظائف دینے کا اعلان کیا ہے۔ ان مضامین میں انجینئرنگ کورس بھی شامل تھا۔ شرط یہ تھی کہ امیدوار نے ایف ایس سی فرسٹ ڈویژن میں پاس کی ہو۔ محمود نے موقعہ کو غنیمت جانتے ہوئے اپنی خواہش کے لئے ایک درخواست مع دیگر کوائف کے محکمہ متعلقہ کو ارسال کر دی۔ ۲۰ اکتوبر ۱۹۶۶ء درخواست دینے کی تاریخ تھی۔ محمود ان دو خوش قسمت طلباء میں سے ایک تھا جنہیں "ناجیبہ یونیورسٹی" میں انجینئرنگ کورس کے وظائف کا مستحق قرار دیا

گئی۔ ۱۵ اکتوبر کو جب اسے اپنے انتخاب کی اطلاع ملی تو وہ خوشی سے پھولا نہ سما رہا تھا۔ محمود کا انتخاب اس کے والدین کی توقعات اور خواہشات کے عین مطابق تھا۔ وہ اس سب کچھ کو خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم سے تعبیر کرتا۔ ان ایام میں اکثر وہ نماز تہجد التزام سے ادا کرتا۔ اسے اپنے سامنے ایک روشن مستقبل نظر آ رہا تھا۔ جذبات تشکر ان کی آنکھوں میں نم کا ایک شیریں اور کیف آور سماں پیدا کر دیتے۔

اطلاع کے مطابق اسے ۳۱ اکتوبر کو وفاقی دارالحکومت پہنچنا تھا۔ تاکہ دو نومبر کو روانہ ہونے والے بحری جہاز "لب عظم" پر سوار ہو سکے۔ جہاز ہر سال مختلف غیر ملکی یونیورسٹیوں کے لئے منتخب طلباء کو لے جانے کے لئے وقف تھا۔ "بحیرہ" شہر سے وفاقی دارالحکومت تک دو دن ریل کی مسافت تھی روانگی سے ایک روز قبل "مجلس اصلاح معاشرہ" کے اراکین کی طرف سے محمود کے اعزاز میں "بحیرہ تحصیل پریوا تیج" ٹورسٹ ہوٹل" (Tourist Hotel) میں وسیع پیمانے پر ایک رنگا رنگ "الوداعی تقریب" کا انتظام کیا گیا۔ مجلس کے ممبر اور دیگر معززین شہر نے محمود کو خراج تحسین پیش کیا اور اسکی آئندہ کامیابیوں کے لئے دعا کی۔ پروگرام کے مطابق اگلے دن ۲۹ اکتوبر کو ۵ بجے اسے "فیڈرل ایکسپریس" (Federal Express) کے ذریعہ روانہ ہونا تھا

۲۹ اکتوبر کی صبح کو نماز فجر کے بعد تلاوت قرآن پاک سے فارغ ہو کر محمود نے اپنے سامان کو چیک کیا۔ تمام ضروریات سفر پا مکمل نیاز تھیں۔ محمود کے بہن بھائی حسب معمول صبح سویرے سے ہی ناشتہ کر رہے تھے۔ انہیں آج اپنے نہایت ہی ہمدرد اور عزیز بھائی کو حصول تعلیم کی غرض سے ایک دور دراز جزیرہ نیشنز (Nations Island) کے لئے رخصت کرنا تھا۔ سات بجے سے قبل ہی تمام افراد خانہ ڈرائنگ روم (Drawing Room) میں جمع ہو گئے تھے محمود ان میں بیٹھا ہوا یوں معلوم ہو رہا تھا گویا کوئی شہزادہ ہے جسے شاہی فرمان کے تحت کسی بڑی مہم پر بھیجا جا رہا ہے۔ دوران گفتگو اس نے اپنے ابا جان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا:

"ابا جان! آج رات میں نے ایک عجیب خواب دیکھا ہے۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ میں بیمار ہوں اور ایک کمرہ میں پڑا دھیمے دھیمے کراہ رہا ہوں اچانک میری حالت بہت نازک ہو جاتی ہے اس دوران دفعتہً ایک نوجوان طبیب بہت کمرہ میں داخل ہوتا ہے اور مجھے تسلی دیتا ہے۔ اس کی آواز اب بھی میرے کانوں میں گونج رہی ہے، "محمود تیرے درد کا علاج میرے پاس ہے۔ میں نے تمہاری بیماری کی پوری تشخیص کر لی ہے، فکر نہ کرو اور خاطر جمع رکھو۔ خدا تمہارے قیمتی وجود کا نگہبان ہے تم ہمیشہ اس کی حفاظت میں رہو۔" — پھر اس نوجوان نے مجھے ایک دوائی دی جونہی میں نے اسے استعمال کیا میرے تمام جسم میں ایک دم اور اطمینان کی لہر دوڑ گئی۔ فرط مسرت سے آنکھوں سے آنسو بہ نکلے۔ میرے منہ سے اس مسیحا انسان کے لئے بے اختیار دعائیں نکل رہی تھیں۔"

محمود کے ابا نے بات کاٹتے ہوئے پوچھا۔

"محمود تم نے اس نوجوان کا نام معلوم کیا؟"

محمود نے جواب دیا۔

"یہاں آبا جان بولیں تے اس سے پوچھا "کیا میں اپنے مہربان رفیق سفر کا اسم گرامی معلوم کر سکتا ہوں؟" اس نے کہا "کیوں نہیں محمود! تم بڑے شوق سے مجھے "نیاز" کے نام سے پکار سکتے ہو۔"

ابا نے پھر پوچھا۔

"اس نوجوان کے چہرہ مہرہ کے متعلق تمہیں کچھ یاد ہو؟"

"اس کا چہرہ دیکھنے میں بہت سنجیدہ، حسین اور وجیہہ نظر آتا تھا۔ چھوٹی چھوٹی داڑھی اس کے چہرہ پر بہت ہی بھلی معلوم ہوتی۔ متلون مزاجی نام کو نہ تھی مجھے تو وہ کوئی فرشتہ رحمت نظر آتا تھا۔ اس کی علمی اہمیت کے قطع نظر اس کا متبسم چہرہ ہی مسیحائی رنگ رکھتا تھا۔"

ابا کے استفسار پر محمود نے اس کمرے کی وضع قطع بھی بتائی جس میں پڑاؤ گزار رہا تھا۔

"مربع نما چھوٹا سا کمرہ تھا نہایت صاف ستھرا یوں معلوم ہوتا تھا گویا مختصر سا لائبریری روم ہے۔"

ابا نے خواب سن کر محمود کو تسلی دی اور دعائیہ لہجہ میں کہا۔

"میری امیدوں کی کلی! خدا تمہیں اپنی محبت کی گرمی سے پورا اور مکمل پھول بنائے جس طرح پھول دیکھ کر دنیا خوش ہوتی ہے۔ اسی طرح تمہاری ذات سے دنیا فائدہ اٹھائے۔ تم جہاں کہیں جاؤ اپنے ماحول کو نیکنامی اور محبت کی خوشبو سے مہکا دو۔"

جب ٹرین کے آنے میں تھوڑا وقت باقی رہ گیا تو امی نے اپنے جگر گوشہ کو گلے لگایا، پیار کیا دعائیں دیں الوداع کرتے ہوئے کہا

"میرے محمود میرے لخت جگر! اب تمہیں جانا چاہیئے۔ گاڑی آنے والی ہے فی امان اللہ۔ خدا تمہاری امی کو اس عارضی جدائی کے سہارنے کی توفیق دے۔"

ابا نے گلے میں پھولوں کے ہار پہنائے ٹھیک ۹ بجے گاڑی اسٹیشن پر پہنچ گئی۔ محمود کے دوستوں اور ہمدردوں نے کثیر تعداد میں اسٹیشن پر پہنچ کر محمود کو دلی دعاؤں کے ساتھ الوداع کہا۔

گاڑی محمود کو لیکر منزل مقصود کی طرف روانہ ہوگئی۔ اسکی مشتاق نگاہیں دور تک اپنے دوستوں ہمدردوں اور دیگر رشتہ داروں پر جمی رہیں۔ پانچ سال کا طویل عرصہ ٹریننگ اسے بار بار "مجیدہ" کی حسین یادوں میں محو کر دیتا۔

زمانہ جدید کا "بے جان جانور" "گدھا" اپنی پشت پر نہیں بلکہ اپنے پیٹ میں ہزاروں ہزار نفوس انسانی کو سمیٹے تیزی سے جانب غرب دوڑا جا رہا تھا۔ محمود کا دماغ "جامعہ یونیورسٹی" اور "نیشنل آئیلینڈ" کے حسین تصوراتی مناظر بنانے میں مصروف تھا اگرچہ لباس ہر دو اصطلاح عوام میں جنٹلمین نظر آرہا تھا لیکن اس کی دینداری اور حسن اخلاق نے کمرہ کے تمام مسافروں کے دل موہ لئے تھے۔ ایسا بھلا کیوں نہ ہوتا محمود کا دل اہل وطن کی محبت میں ہر وقت گداز رہتا تھا۔

دوسرے دن ۲ بجے صبح "فیڈرل ایکسپریس" طاہر آباد ٹھہری تو گاڑی کے دھچکے نے محمود کو میٹھی نیند سے بیدار کر دیا گاڑی منزل مقصود کے قریباً نصف پر کھڑی تھی۔ محمود نے ہاتھ پاؤں کھولنے کی حاجت محسوس کی سردیوں کا موسم تھا۔ کمبل اوڑھ کر پلیٹ فارم پر چہل قدمی کرنے لگا۔ دس بارہ منٹ بعد جب نیا انجن لگ چکا تو سگنل (signal) نے سبز اشارہ سے "مہمان" کو رخصت ہونے کی اجازت دی ــــ محمود اپنے کمپارٹمنٹ میں داخل ہوا تو اپنی نشست کے ساتھ ہی ایک جنٹلمین کو بیٹھا پایا عمر میں کوئی سال ڈیڑھ سال اس سے چھوٹا۔ چہرہ ہلکی ہلکی مسکراہٹ سے پھول کی مانند کھلا ہوا۔ گرم لباس میں ملبوس، وضع قطع سے طالب علم کا سا ڈھنگ غالب ــــ کچھ

دیر خاموش رہنے کے بعد محمود نے گفتگو کا آغاز کرتے ہوئے پوچھا

"آپ کہاں تشریف لے جائیں گے؟"

"وفاقی دارالحکومت بھائی صاحب"

"تب تو بھئی "ہم منزل" ہوئے۔ وقت اچھا گزر جائے گا"

"آپ کا مقام روانگی؟"

"میں [illegible] سے آرہا ہوں"

"ہاں ہاں، جہاں جھیل بھی ہے۔ گزشتہ سال میں اور ابا جان وہاں سیر کے لئے گئے تھے۔ بہت ہی خوش نما جگہ ہے بھئی!"

"لو صاحب! اہم چیز تو میں بھول ہی گیا۔ آپ کا اسم شریف؟"

"نیاز ۔۔۔ اور آپ کا؟"

"آپ نیاز ٹھہرے تو ہمیں "نیاز مند" ہونا چاہیئے"

"بشرطیکہ "نیاز مند" کے معنی "محمود" ہوں"

"لیکن آپ کو میرے نام کا علم کس طرح ہوا؟"

"آپ خود ہی سوچ لیں"

"آپ نجوم اور پامسٹری کے طالب علم تو نہیں"

"نہیں ہمارے نیاز مند۔ ابھی کل تو میں نے ۔۔۔۔ ایف ایس سی (میڈیکل) ۔۔۔۔"

"او ہو گستاخی معاف۔ نام معلوم کرنے کے لئے آپ میرے بکس کے "نیاز مند" ہوئے ہیں۔ میں نے احتیاطاً اس پر اپنا نام اور پتہ لکھوایا ہوا ہے۔ کیا آپ کسی میڈیکل کالج میں داخلہ لینے جا رہے ہیں۔ اپنے شہر کے کالج میں داخل ہو جاتے!"

"بات دراصل یہ ہے۔ شاید آپ کو بھی معلوم ہو کہ گزشتہ ماہ حکومت کی طرف سے اخبارات میں یہ اطلاع شائع ہوئی تھی کہ "نائجیریا یونیورسٹی" نے ہمارے ملک کے ذہین طلباء کے لئے مختلف تعلیمی وظائف جاری کیے ہیں۔ خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ سلیکشن میں میرا نام بھی آگیا میرا آج کا سفر اسی غرض سے ہے"

"آپ وہاں کس لائن میں ٹریننگ لیں گے؟"

"ایس۔ ایچ۔ ڈی"

"یعنی سپیشلسٹ اِن ہارٹ ڈزیزز"

"آپ نے بجا فرمایا"

"بہت خوب! ڈاکٹری۔ ایک معزز پیشہ ہے جس سے خدمتِ خلق ہو جاتی ہے۔ تیسرے ملک کو ہر ڈاکٹر دل کی ضرورت بھی ہے۔ اچھا تو آپ وہاں امراض قلب پر کتنا عرصہ تحقیق کریں گے؟" "تقریباً پانچ سال"

محمود ان کو الف سے اگرچہ بخوبی واقف تھا لیکن وہ اپنے عزائم کے متعلق مطلقاً خاموش رہا۔ اب اس کی تمام تر توجہ اس امر کی طرف مرکوز ہو گئی کہ یہ نیاز کہیں میرے خواب والا نیازی نہ ہو۔ میڈیکل لائن کا تصور، نیاز کے چہرہ کے بعض خدوخال اور اس پر چھپی مسکراہٹ اسے بار بار کسی کی یاد دہانی کرا رہے تھے۔ اس کے کانوں میں یہ آواز گونجنے لگی

"محمود! تمہارے درد کا علاج میرے پاس ہے ۔۔۔ فکر نہ کرو خاطر جمع رکھو کہ قوم ابھی تمہارے درد کی محتاج ہے بہت محتاج۔ خدا تمہارا نگہبان ہو محمود! تم ہمیشہ اس کی حفاظت میں رہو" نیاز کی شیریں کلامی اور ڈھارس بندھانے والے الفاظ اسے بار بار یاد آ رہے تھے۔ وہ دل ہی دل میں کہتا۔ وہ دل کیسا مشفق تھا جس کی گہرائیوں سے یہ الفاظ نکلے وہ آواز کتنی پیاری، کس قدر دلکش اور پُراثر تھی جس نے میرے ہوش و حواس کی فضا میں ارتعاش پیدا کر دیا۔ اے کاش کوئی ٹیپ ریکارڈر ان الفاظ کو محفوظ

کرسکتا۔ جب وہ دل ہی دل میں یہ سب کچھ کہہ چکتا تو ساتھ بیٹھے ہوئے نیاز کا تجزیہ کرنے لگتا۔

"اس کا لباس بالکل ٹیڈیوں والا ہے میرے مشفق نیاز کا لباس بہت شریفانہ تھا۔ یہ نیاز تو سر سے لے کر پاؤں تک تمہارے اُس نیاز کا بالکل الٹ ہے۔ چند مشابہتیں ضرور ہیں۔ لیکن اس قدر تطابق تو عام ہے۔ کئی نیاز ہو چکے بہت ہیں اور نہ جانے کتنے اور ہوں گے۔ کوئی ضروری ہے کہ یہی وہ نیاز ہو۔ خواب بہرحال خواب ہی ہوتا ہے"! یہ کہہ کر وہ اپنے دل کو مضبوطی سے اس بات پر جما لیتا کہ یہ نیاز ہرگز وہ نیاز نہیں۔

مگر چونکہ محمود نے بہت حساس طبیعت پائی تھی، اس لئے نیاز کے رنگ ڈھنگ کو دیکھ کر وہ بہت آزردہ ہوا۔ اس نے اپنے دل میں پختہ عہد کر لیا کہ وہ ضرور اس نیاز کی اصلاح کرے گا۔ آخر پانچ سال تک انہوں نے ایک ہی یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کی ہے۔ "کچھ نہ کچھ سینک تو اسے ہماری آگ کا لگے گا ہی!!" اگرچہ محمود نے دوران سفر بھانپ لیا تھا کہ نیاز کی طبیعت میں ضد اور ہٹ دھرمی کا مادہ بہت پایا جاتا ہے۔ تاہم وہ اس یقین سے پُر تھا کہ وہ اس کے اندر قومی درد اور ملی ہمدردی پیدا کر کے چھوڑے گا۔ جس طرح بھی بن پڑا وہ اسے مغربیت کے زہر سے بچائے گا۔ ابتدائی مراحل میں مرض سہل العلاج ہوتا ہے اور یہ امر خوش آئند تھا کہ نیاز کے اندر ابھی مغربیت کے جراثیم ابھی نئے نئے تھے۔ وہ دل ہی دل میں کہتا کہ "نیاز! تمہارے مرض کی دوا میں ہوں۔ میں تمہیں "اپنے عمل" کی دوا پلاؤں گا پھر دیکھنا کہ تمہارا ذہن بہت جلد حبِ وطن اور حبِ ملت

کے جذبے سے سرشار ہو جائے گا۔ پھر وہ قدرے جوش سے کہتا "تمہارے ذہنی جمود کو جھنجھوڑا جائے گا۔ ضروری ہے کہ تم احساس کمتری کی نیند سے جاگو۔ تمہارے اندر صحت مند بیداری کا بیج بویا جائے گا۔ جلد ہی تم اپنے اندر یہ انقلاب دیکھ لو گے"۔ پھر اس کا دل قدرے نرم پڑ جاتا اور وہ دردمند لہجے میں یہ دعائیہ کلمات کہتا "خدا تمہیں قوم کے لئے ایک مفید وجود بنائے۔ خدا تجھے قوم کی ترقی و سربلندی میں حصہ لینے کے شرف سے نوازے۔ وہ تمہارے مغربیت کے زنگ میں آلودہ دماغ کو بسرعت تمام جلا اور روشنی بخشے"

غرضیکہ ہم وطنی کا معاملہ تھا۔ محمود و نیاز باہم کافی مانوس ہو گئے تھے۔ دوران سفر کھانے پینے اور مٹھائی وغیرہ کے دور اکٹھے چلتے رہے۔ ۴½ بجے شام جب وہ وفاقی دارالحکومت پہنچے تو گہرے دوست بن چکے تھے۔ نیاز باصرار محمود کو شہر میں واقع اپنے چچا کے ہوٹل پر لے گیا۔ سہ منزلہ "گرین ہوٹل" کی عالی شان عمارت اور اس کی مختلف النوع روشنیاں ہر کسی کو اپنی طرف کھینچ رہی تھیں۔ نیاز نے فوراً تیسری منزل پر ایک کمرہ خالی کر دیا۔ سامان وغیرہ نیچے سٹور میں رکھوا دیا۔ کھانا حاضر کیا گیا۔ کھانے سے فارغ ہوئے تو نیاز نے محمود کا انٹرویو لینا شروع کر دیا۔

"محمود بھائی! میں تو کل ساڑھے دس بجے "طالب علم" کے ذریعہ "چشتیز آئی لمیٹڈ" روانہ ہو رہا ہوں۔ بہت افسوس ہے ملاقات مختصر رہی۔ اگر آپ "مقصدِ منزل" سے آگاہ فرما دیں تو ممنون ہوں گا۔ آپ کی اعانت میرے لئے ضرور باعث سعادت!! مجھے بہت حسرت رہے گی اگر میں آپ کی کوئی خدمت نہ کر پاؤں۔

— گھر پہنچیں تو — خیریت سے ضرور مطلع فرمائیں۔ ایڈریس حاضر ہے"

"آپ نے تو نیاز صاحب، ایک ہی سانس میں کئی باتیں کہہ ڈالیں۔ اگر عکس پڑھی ہوتی تو بچت وقت کا احساس ہوتا۔ اگر آپ صرف اسی پر اکتفا کرتے کہ میرے یہاں آنے سے کیا غرض ہے تو بس مقصد حل تھا بر حال مضی ما مضی۔ مختصراً عرض کئے دیتا ہوں کہ جو منزل مقصود آپکی ہے میری" ....

"واللہ تو کیا واقعی ہماری منزل ایک ہے۔"

"اپنے بھائی کی زبان پر اعتبار کیجئے"

"فالحمد للہ ثم الحمد للہ مگر بڑی دیر بعد لب کشائی ہوئی"

* * *

اگلی صبح دونوں دوست جب بازار سے شاپنگ (shopping) وغیرہ کے بعد واپس ہوئے تو "طالب علم" کی روانگی میں صرف ایک گھنٹہ باقی تھا۔ ۱۸۸ نمبر بس ہوٹل کے سامنے بندرگاہ کے لئے تیار کھڑی تھی۔ ۱۵ منٹ کی مسافت طے کرنے کے بعد دونوں دوست سمندر کنارے چیکنگ پوسٹ (checking post) پر کھڑے تھے۔ چیکنگ ہوئی تو انہیں جہاز پر سوار ہونے کی اجازت ملی۔ "طالب علم" برطانوی ساخت کا بہترین بحری جہاز تھا سو کمروں کی وسعت کا یہ جہاز چھوٹا سا ہوٹل معلوم ہوتا تھا عین ساڑھے دس بجے جہاز "جزیرہ نیشنیز" کی جانب روانہ ہوا۔ نیاز کے چچا نے بندرگاہ پہ دونوں دوستوں کو ہاتھ ہلا کر الوداع کہا۔ جہاز بہت تیز چل رہا تھا۔ جب کبھی کوئی بندرگاہ آتی - ایندھن لیتا، بعض جگہوں پہ طالب علموں کو بھی اتارتا اور آگے روانہ ہو جاتا۔

مسلسل ایک دن اور ایک رات چلنے کے بعد جہاز "بحیرہ علوم" (The Sea of Sciences) میں داخل ہوا۔ جزیرہ نیشنیز کی بندرگاہ سائنسول (science ville) پر بڑا سا مختلف الالوان جھنڈا ہوا سے اٹھکھیلیاں کرتا ہوا نظر آرہا تھا۔ دوران سفر محمود اور نیاز کئی دفعہ عرشہ جہاز پر سمندر کے نظاروں سے لطف اندوز ہونے کے لئے جاتے رہے۔ اب جبکہ منزل مقصود ۲۰۔۲۲ میل باقی تھی۔ دونوں ایک دفعہ پھر عرشہ جہاز پر گئے۔ سمندر کا نظارہ بہت ہی بھلا معلوم ہو رہا تھا۔ نیشنیز آئی لینڈ کو جیسا سنتے تھے اس سے بڑھ کر پایا۔ تمام جزیرہ سبز مخمل کی ایک وسیع و عریض چادر نظر آرہا تھا جیسے سمندر میں بچھا دیا گیا ہو اور اکا دکا چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں تشبیہ کی مناسبت سے سبز چادر پر مینا کاری کا حکم رکھتی تھیں ۳۰ کی صبح کو نو بجے جہاز سائنسول کے سامنے کھڑا تھا۔ "نالجیہ یونیورسٹی" کے ۱۵ طالب علم اس جگہ اترے۔ محمود و نیاز بھی ان میں شامل تھے۔ یونیورسٹی کی مجلس استقبالیہ نے نو وارد طلباء کو خوش آمدید کہا۔

* * * *

محمود و نیاز نالجیہ یونیورسٹی کے ہوٹل میں دوسری منزل پہ اقامت پذیر ہوئے۔ چونکہ تمام کمرے کیوبکل تھے، اس لئے بادل ناخواستہ دونوں دوستوں کو علیحدہ علیحدہ رہائش رکھنی پڑی۔ دیکھا جائے تو اصل چیز دل ہے۔ سو وہ اس دوران کافی قریب ہو چکے تھے۔ ہوٹل میں کسی کونے میں رہیں۔ دوریا نزدیک یہ ان کے لئے کوئی اہمیت نہ رکھتا تھا۔ اکٹھے رہنے

سے ممکن تھا باہمی احترام و اخوت و محبت کا جذبہ بے تکلفی کی نذر ہو کر رہ جاتا۔ پھر نائیجیریا یونیورسٹی میں ان کا اصل مقصد حصول تعلیم تھا۔ اس لئے بھی یہ علیحدگی چنداں نقصان رساں نہ تھی۔

تھوڑے ہی عرصہ میں محمود نے نیاز کی طبیعت کو پوری طرح بھانپ لیا۔ اس پر یہ بات اچھی طرح کھل گئی کہ نیاز کے اندر اپنے مذہب، اپنی ملت اور اپنی قوم کی خاطر قربانی کا جذبہ غیر معمولی حد تک ناپید ہے۔ اس کا رنگ ڈھنگ اور چال ڈھال سب بتلا رہے تھے کہ نیاز مشرق سے زیادہ مغرب نواز ہے۔ نائیجیریا یونیورسٹی جس کا انتظام پہلے ہی مغربی تہذیب کے دلدادوں کی سرپرستی میں تھا، کے پانچ سال محمود کو کئی کٹھن مراحل کا پیغام سنا رہے تھے۔ دجل مغرب کی ہمہ گیری اور نیاز کی آزادیٔ طبع یہ دو طرفہ تطابق محمود کو ایک زبردست امتحان کے لئے للکار رہا تھا۔

محمود حفظ ماتقدم کے طور پر اپنے فارغ اوقات کا اکثر حصہ نیاز کے پاس گزارتا۔ پہلا سال بخیر و عافیت گزر گیا۔ محمود کی نیک صحبت اور بے غرضانہ پند و نصائح خوشگوار تبدیلی لانے کا باعث ہوئیں۔ نیاز کے افکار و خیالات مائل بہ اصلاح نظر آنے لگے۔ جذبات و احساسات رو بہ اعتدال تھے۔ نتیجتاً اس کی آزادیٔ طبع عقل اور فہم کی روشنی میں ضبط نفس کے سامنے ہتھیار ڈالنے پر رضامند ہو گئی۔ ایک سال کی سعی و کوشش کے ان خوشکن نتائج سے محمود بہت خوش تھا۔ اس کی عام صحت اور چہرہ کی رونق بھی کسی باطنی سرور کی غماز تھی۔ الغرض محمود کو یقین ہو گیا کہ مزید ایک سال کے اندر اندر وہ ایک اور محمود تیار کر لے گا۔ تب دو محمود نائیجیریا یونیورسٹی کے دو ہزار مغرب زدہ نوجوانوں کو کامیابی سے مقابلہ کر سکیں گے۔ تاہم فی الباطن وہ اپنے اس خیال کی کبھی کبھی تردید کرنے لگتا کیونکہ "بروا" نیاز کے چکنے چکنے پات" ماحول کی اس سازگاری میں کم ہی حوصلہ افزا نظر آتے تھے۔

ایک سال گزر چکا تو حلقۂ واقفیت بھی ذرا وسیع ہوا۔ یونیورسٹی کے دوسرے طلباء سے راہ و رسم بڑھنے شروع ہوئے۔ محمود کے متعلق ان سب کا پہلا اور آخری تاثر یہ تھا کہ وہ اپنے مذہب اور قوم کا ایک غیور پہلوان ہے۔ وہ دوسری اقوام کی کورانہ تقلید کی بجائے صرف انہی حد تک ان کے خیالات کو اپناتا ہے جس حد تک اس کا مذہب اسے اجازت دیتا ہے۔ حکمت و دانائی کی ہر بات کو وہ اپنی کھوئی ہوئی متاع خیال کر کے فوراً اپنا لیتا ہے مگر جو بات اسے اپنے عقائد کی روشنی میں ضالۃ المومن کے حکم سے باہر نظر آتی ہے وہ اس کے خلاف ایک غیر متزلزل چٹان کی طرح ڈٹ جاتا ہے اور فوراً اپنے ہم خیالوں کو ایسی اخلاق سوز باتوں سے ہوشیار کر دیتا ہے۔ تخریب پسندوں اور مفاد پرستوں کے لئے محمود اور اسکے حلقۂ اثر میں کوئی جگہ نہ تھی۔ وہ خوب جانتے تھے کہ محمود کی کامیابی کا نشان محمود ان کے حق کیلئے ایک کاری ضرب ہے۔ اس کا وجود مخالف عنصر کی یقینی ہزیمت کے لئے ایک کھلا ہوا چیلنج تھا۔

محمود کا اثر و رسوخ حسد اور کینہ کی آگ میں جلنے والے دشمن کو ایک آنکھ نہ بھاتا تھا۔ یونیورسٹی کے کوئی درجن بھر طلباء نے جو کہ مختلف مذاہب اور فرقوں اور ہم خیال ٹولوں سے تعلق رکھتے تھے محمود کے خلاف ایک خفیہ محاذ کی بنیاد ڈالی۔ جس نے بعد میں اینٹی اسلام فرنٹ (Anti Islam Front)

کا نام اختیار کر لیا۔ پروگرام یہ طے پایا کہ محمود کو نیچا دکھانے کے لئے یونیورسٹی کے تمام مسلمان طلبہ کو اسلام سے بدظن کر دیا جائے بعض کو عیسائی بنایا جائے بعض کو یہودی اور بعض کو ہندو یا بدھ۔ اگر وہ ان مذاہب میں سے کسی کو قبول نہ کریں تو کم از کم ان کے اذہان میں دہریت کے جراثیم ضرور بھر دیئے جائیں اس غرض کے لئے بعض کمیونسٹ طلبا کو بھی یونین کا ممبر بنا دیا گیا۔ کمصو ایک عرب عیسائی کو اس یونین کا پریذیڈنٹ اور لائیکا لود ([illegible]) ایک کمیونسٹ جوان سال لڑکی کو وائس پریذیڈنٹ بنایا گیا۔ یورپین ممالک کی نمائندگی ایک انگریز طالب علم جمی (Jimmy) کے سپرد کی۔ وہ یونین کا جونیئر وائس پریذیڈنٹ بھی تھا۔ علاوہ ازیں ایک ہندو نے مشرقی ممالک کی نمائندگی کی۔ اسے یونین کا سیکرٹری بھی منتخب کیا گیا۔ اس طرح اندر ہی اندر یونیورسٹی کے بارہ چوٹی کے طلبا محمود کے خلاف متحد ہو گئے

یونین نے وجود میں آتے ہی پوری سرگرمی سے کام شروع کر دیا۔ اس کے ممبران ہوسٹل میں ہر مسلمان طالب علم کے پاس جاتے اور جس حد تک ممکن ہوتا جدید فلسفیانہ اصولوں کو بروئے کار لا کر ان کے پرسکون اذہان میں انقلاب پیدا کرنے کی کوشش کرتے پہلے ان کے احوال معلوم کرتے۔ ان کی ضروریات اور ہجوم و غم میں موافقت کرتے تکالیف پوچھتے۔ تالیف شدگان کو نبا جتا کر پیش کرتے۔ پھر ہمدردی کا اظہار کرتے۔ انہیں امداد کے لالچ دیتے۔ الغرض ہر قسم کے سبز باغ دکھاتے۔ اور جانے سے قبل ایک آدھ جراثیم ایسے بھی چھوڑ جاتے۔ جو ان کے جذبہ ایمان کو کچھ دیر کے لئے پریشان کر دیتے تاہم جو طلبا محمود سے رجوع کرتے۔ وہ اپنی پریشانی سے جلد ہی خلاصی حاصل کر لیتے

محمود شر پسندوں کے اعتراضات کے تار و پود بکھیر کر رکھ دیتا۔ تھوڑے ہی عرصہ میں اکثر مسلمان طلبا کو معلوم ہو گیا کہ یہ لوگ ہرگز ہرگز ان کے ہمدرد نہیں بلکہ بھیڑیوں کے بھیس میں بدنیت بھیڑیئے ہیں۔ جو انکی دولت ایمان پر ڈاکہ ڈالنا چاہتے ہیں۔

اب جو یہ پروگرام سر چڑھتا نظر نہ آیا تو ان لوگوں نے ایک اور خطرناک منصوبہ بنایا۔ یونین کی عاملہ نے فیصلہ کیا کہ یہ بہت سارے "شیر" ایک ہی وقت میں جال میں نہیں پھنس سکتے۔ انہیں ایک ایک کر کے اسیر دام بنایا جائے۔ اپنی گزشتہ ملاقاتوں میں ان لوگوں کو معلوم ہو چکا تھا کہ یونیورسٹی کے تمام طلباء میں سے نیاز ان کی باتوں کا جلد اور زیادہ اثر قبول کرتا ہے۔ تجویز ہوا کہ "پہلا نشانہ" اسی کو بنایا جائے اس کا ایک بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ محمود ایک دلی دوست سے محروم ہو جائے گا۔ جب دکھ درد کا ساتھی کوئی نہ رہا۔ تو وہ خود ہی مایوس ہو کر اپنی سرگرمیوں کو ترک کر دے گا۔

* * * *

عین ان ایام میں جبکہ یہ منصوبہ تیار ہو رہا تھا محمود اچانک بیمار ہو گیا۔ اندھا کیا چاہے دو آنکھیں۔ محمود کی بیماری کو اچھا شگون خیال کرتے ہوئے اس کے مخالفین نے اپنے منصوبہ کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لئے دن رات ایک کر دیا۔ کدصو آتا تو نیاز کو بہکا جاتا۔

"میں آج محمود کے پاس گیا وہ تمہیں بہت برا بھلا کہہ رہا تھا کہتا تھا وہ بھی کوئی آدمی ہے۔ جس طرف کسی نے لگا دیا لگ گیا۔ اس مفہوم کو ادا کرنے کے لئے اپنی زبان میں وہ بعض خاص الفاظ بھی کہتا۔ یہ سن کر اس کے دوست بہت ہنستے۔ کوئی

گالی ہی ہو گی۔ نیاز! تمہاری غیرت ایسے دوست کو کیسے برداشت کر سکتی ہے۔ چھوڑو اس خشک مزاج مذہبی دیوانے کو۔ ایسے آدمی سے تو اچھی بھلا دیکھو! ہم لوگ تمہاری عزت کرتے ہیں۔ تمہارے مداح ہیں۔ اپنے وقت عزیز کا ایک بڑا حصہ تمہارے پاس گزارتے ہیں۔ تمہیں ہنساتے ہیں خوش گپیوں سے محظوظ کرتے ہیں۔ لیکن اس سب کچھ کے باوجود بھی تم ہر وقت محمود کے قبضے سے پڑے بیٹھے ہو۔ دنیا سے لطف اندوز ہونا چاہتے ہو تو ایسے دوستوں کو الوداع کہہ دو۔ محمود جو چند منٹ کے لئے آتا ہے تو بور (Bore) ہی کرتا ہے "نیاز! تم نے آج صبح کی نماز نہیں پڑھی۔ آج رات انگریزی بریو گرل (Brave girl) کیوں دیکھی؟ فلاں ٹرپ پر جانے کا بھلا کیا فائدہ تھا؟ کل عشاء کی نماز کے وقت بھی نہ معلوم تم کہاں غائب ہو گئے؟" اس کی کائیں کائیں نے تو تمہارا ناک میں دم کر رکھا ہے۔ بھئی ذرا لائیکا کو دیکھو! بیچاری گھنٹوں تمہاری بے بسی کا نوحہ کرتی رہتی ہے۔ نیاز تم اس کے جذبات کا ہی احساس کرو۔ کب تک تم محمود کے غلام بنے رہو گے۔ سچ پوچھو تو اسے تم سے کچھ بھی ہمدردی نہیں۔ وہ تو تمہارا دماغ چاٹنے آ ٹپکتا ہے۔ اب تم ہی بتاؤ پریشان دماغ کیا خاک پڑھائی کرے گا۔"

محصو کی تقریر ختم ہوئی تو ادھر سے کلیمی بھی پاس آ دھمکا۔

"یہ دھان نیاز! یار تمہارے بغیر تو دل ہی نہیں لگتا۔ ہر وقت تمہاری جدائی لگی رہتی ہے۔ تمہیں دیکھ کر بہت خوشی ہوتی ہے۔ دعا ہے پرمیشور ہمیشہ تمہیں سکھ سے رکھے۔ کبھی انڈین کارنر Indian Corner کی طرف بھی آ جایا کرو۔"

کلیمی دداس کی رام رام ختم ہوئی تو نیلی آنکھوں والا جینی چھوندر کی طرح آ پہنچا۔

"گڈ ایوننگ نیاز! کہیئے کیا حال ہے؟ تمہارا عطر

گل شبو بہت پسند آیا۔ لائیکا تو خوشبو پہ مری جاتی تھی۔ آج یہ تھرڈ بے پرمتی نے کچھ تحفے بھیجے ہیں۔ یہ نکٹائی بھی انہوں نے بھیجی ہے۔ میری طرف سے تحفہ قبول کرو۔ اور ہاں ٹرپ کا پروگرام کب بن رہا ہے؟"

جینی کی گڈ بائی (Good Bye) ابھی برآمدوں میں گونج رہی ہوگی کہ لائیکا تو دبے پیر کمرے آ دھمکے گی۔

"اچھے نیاز! محمود تمہارے افکار پر کب تک چھایا رہے گا۔ اس کی خاطر اپنی زندگی کی مسرتوں کو خاک میں ملا رہے ہو۔ ہوش کے ناخن لو اور آزادئی فکر کی نعمت کی قدر کرو۔ دیکھو میں تم سے کتنی محبت کرتی ہوں۔ میری بات تو مانا کرو۔ چلو میرے ساتھ میرے پیارے نیاز۔ محصو، جینی، کلیمی اور قومی ڈنر کے سامنے تمہارا انتظار کر رہے ہیں۔"

لائیکا آن کی آن میں کمزور ارادہ نیاز پر چھا جاتی۔ نیاز کو اس کے سامنے بھلا کب مجال انکار!

* * *

محمود کی بیماری ذرا طویل ہو گئی۔ پورے پانچ روز وہ چارپائی پر پڑا رہا۔ دل میں بہت قلق کہ نیاز نے ایک دفعہ بھی آ کر مزاج پرسی نہیں کی۔ دشمنوں نے محمود کی بیماری سے پورا پورا فائدہ اٹھایا۔ ہر روز نیاز کے کان بھرے جاتے۔ اختتام کلام اس بات پر ہوتا کہ "دیکھو۔ اگر محمود نے یہ باتیں تمہارے خلاف نہیں کہیں۔ تو وہ تمہیں ملنے کیوں نہیں آیا؟ اس کا تو واضح مطلب ہے کہ وہ تمہارا سخت مخالف ہو گیا ہے۔ جب پانچویں روز محمود کی طبیعت قدرے سنبھلی تو لائیکا نے اپنا آخری حربہ چلایا۔ آتے ہی کہنے لگی:

"اچھے نیاز! تم پر سو جان قربان جاؤں! تمہارا دشمن مجھے کبھی کبھی تم تک پہنچنے نہ دے گا۔ ابھی ابھی محمود اور اس کے ساتھیوں نے

آج رات میرے پیارے کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ اس تمام منصوبے کا اصل سرغنہ محمود ہے۔ اگر تم میرے ساتھ پولیس سٹیشن تک جاؤ اور میری باتوں کی تصدیق کرو، تو ابھی محمود کو ارادۂ قتل کے الزام میں پکڑوایا جا سکتا ہے۔ میں نے سپرنٹنڈنٹ ہوسٹل سے تمام بات کر لی ہے وہ مان گئے ہیں۔ بس تین گواہوں کی ضرورت ہے۔ تم، حبیب اور میں خود گواہی دے دیں گے۔ بس مزہ ہی آ جائے گا۔ تم آؤ میرے ساتھ چلو۔"

نیاز نے جب اپنے قتل کے منصوبے کے متعلق سنا تو آگ بگولہ ہو گیا۔ محمود کو بہت کچھ برا بھلا کہتا رہا۔ لائیکا کی طرف دیکھتا تو تشکر آمیز لہجے میں بار بار کہتا "لائیکا! میں تیرا بے حد ممنون ہوں۔ تم نے مجھے موت کے منہ سے بچا لیا۔ تم نے مجھے نئی زندگی دی ہے۔ تمہارا احسان اس قدر بھاری ہے کہ میں اسے تمام زندگی نہیں اتار سکوں گا۔"

لائیکا نے جب دیکھا کہ نیاز تو ابھی تک جا رہا ہے تو کہنے لگی: "ایک اور بات سمجھا دوں۔ محمود سے اب ہرگز نہ ملنا۔ بڑا چالباز آدمی ہے۔ کہیں تمہیں بہکانے کی کوشش نہ کرے۔ تم یہ عہد کر لو کہ آئندہ کبھی اس کی صورت نہیں دیکھو گے۔"

* * * *

محمود کو "سائیکول" ([illegible]) کی عدالت میں تین ماہ قید با مشقت کی سزا سنائی گئی۔ بیماری کی نقاہت ابھی باقی تھی کہ اچانک یہ مصیبت پڑ گئی۔ محمود کی صحت دن بدن گرتی گئی۔ داروغہ جیل نے رحم کھا کر محمود کو مشقت سے مستثنیٰ کر دیا۔ "انما الاسلام یونین" کا یہ دخل محمود کے لئے ایک صدمۂ عظیم تھا۔ وہ دن رات نیاز کی بے وفائی پر کڑھتا اور اس کے فہم و فراست پر رو دیتا۔ مگر اس ظلم عظیم کے باوجود بھی اس کے منہ سے نیاز کے متعلق کوئی برا کلمہ نہیں نکلا۔ حالانکہ وہ خوب سمجھتا تھا کہ خدا مظلوم کی آہ کو بہت جلد سنتا ہے۔ اس کے منہ سے صرف ایک ہی دعا نکلتی ـــــ اور وہ یہ کہ "اے میرے قادر و توانا خدا! تو نیاز کو راہ راست پر لا۔ قہر کے ہاتھ سے نہیں بلکہ پیار اور محبت کے ہاتھ سے۔ اس کے دل کی تمام کدورتوں کو صاف کر دے۔ اے غفور و رحیم خدا! بے شک نیاز نے مجھ پر ظلم کیا ہے مگر تو اسے ہر قسم کی آفات سے بچائیو۔ وہ میرا ہم وطن ہے اور ہم مذہب بھی۔ اس کا ظلم تسلیم۔ مگر یہ ایک لحاظ سے احسان بھی تو ہے۔ دیکھ اب میں تیری یاد میں زیادہ محو رہتا ہوں تو اسی بنا پر اسے معاف رکھنا اور اے مقلب القلوب! تو اس کے دل کو حق کی طرف پھیر دے۔ اور اس کے دل میں اسلام اور مجاہدین اسلام کی محبت پیدا فرما۔ اور اے مسبب الاسباب! تو اپنی خاص مشیت سے میری رہائی اور صحت کے سامان پیدا کر۔ دیکھ تیرے سوا میرے درد کا درماں اور کون ہے۔ میری تکلیف مجھ پر آسان کر دے۔ مجھے ہمت دے اور صبر کی توفیق عطا فرما۔"

وہ ہر روز اپنی نماز عشاء میں اور اسی قسم کی دوسری دعائیں نہایت درد اور الحاح سے کیا کرتا۔ اکثر اس کی سجدہ گاہ آنسوؤں سے تر ہو جاتی۔

کچھ عرصہ بعد اسے نیاز کا ایک رقعہ ملا۔ اس میں لکھا تھا:

"محمود تم نے میرے متعلق بہت برا منصوبہ بنایا۔ خدا نے تجھے اپنے ناپاک عزائم میں خائب و خاسر کیا ہے اور ایسے ہو کہ تو ہمیشہ خائب و خاسر رہے۔ روسیاہی اور ذلت کی سزا بھگت لی۔ تو اسی کا سزاوار تھا۔ قید سے رہائی کے بعد مجھے اپنا منحوس چہرہ کبھی نہ دکھانا ..... تجھے خوشخبری ہو کہ میں نے تمہارے دین سے تائب ہو کر عیسائیت قبول کر لی ہے ....."

محمود نے جب یہ سطور پڑھیں تو اس کا آسمان امید یکلخت تاریک ہو گیا۔ دل پر شکستہ اور بخت برگشتہ خاطر ہو کر جیل کی دیوار کے ساتھ لگ گیا۔ اس کا جگر خون ہوا جا رہا تھا۔ مایوسی کے بادل اس

کے ہوش و حواس پر محیط ہو گئے۔ وہ ہمیشہ کے لئے نیاز کے راہ راست پر آنے سے ناامید ہو گیا۔ اسے اپنی آہوں پر کوئی بھروسہ نہ رہا۔ وہ انہیں بے تاثیر نالے سمجھنے لگا۔

★ ★ ★ ★

اس کا ایک دوست اطہر کبھی کبھار جیل میں آیا کرتا اور اسے تسلی دیا کرتا مگر اس کے پاس اب سوائے حسرت و یاس کے کلمات کے اور کچھ نہ تھا۔

"اطہر میں نے اپنے خدا سے وعدہ کیا تھا کہ میں نیاز کو ضرور راہ راست پر لاؤں گا۔ اور اس کی خامیوں اور کمزوریوں کو دور کروں گا مگر آہ! اب نیاز ہمارے ہاتھوں سے ہمیشہ کیلئے نکل چکا ہے۔ وہ تو اپنا چہرہ دکھلانے کا بھی روادار نہیں۔ مجھے نیاز کا گنگنایا ہوا یہ شعر بار بار یاد آتا ہے ؎

کمال ہوش ہے یوں بے نیاز ہو جانا
تیری آغوش میں بیگانۂ آغوش ہو جانا

نیاز کو کیا معلوم کہ محمود کا قلب و دماغ اور اس کے ادراک و حواس اسکی اصلاح احوال پر غور کرنے کے لئے وقف ہو چکے ہیں ؎

تمہارے ظلم، طعنے غیر کے لوگوں کے آوازے
مجھے اس عہد کی خاطر یہ سب کچھ بھی گوارا ہے

اب اطہر بھائی یہ حال ہے کہ

ع ناامیدی موت سے کہتی ہے اپنا کام کر

دل کے ارماں بھی غیر ہو چکے ہیں وہ بھی کہتے ہیں تو یہی ع

ہم نہیں سالتی تری بگڑی ہوئی تقدیر کے

میری راحتوں کی دنیا تو عرصہ ہوا مجھ سے چھن چکی۔ اب غم ہی غم ہیں۔ دل میں کراہنے کی بھی طاقت نہیں رہی۔ شاید اگر میں اک یونیورسٹی میں داخلہ نہ لیتا۔ تو نیاز ان لوگوں کے شکنجہ دل میں نہ آتا اور بدستور اسلام سے ہی وابستہ رہتا۔ ذرا میری نظمیں تو دیکھو۔ میرے نحیف و نزار دل کی ترجمان نظمیں! اے میرے غمگسار کیا تم ان کو محسوس کر سکتے ہو؟"

★ ★ ★ ★

اطہر ایک طرف یہ روداد غم سنتا اور دوسری طرف محمود کے لاغر جسم پر نظر دوڑاتا تڑپ کر رہ جاتا۔ مگر کیا کر سکتا تھا۔ محمود سے متعلق تو نیاز کسی کا سنتا ہی نہیں تھا۔

محمود کے رہا ہونے میں دو دن باقی تھے۔ اطہر حسب معمول محمود کی ڈھارس بندھا رہا تھا کہ دفعتاً غم کی تاب نہ لاتے ہوئے وہ زار و قطار رونے لگا۔ وہ بار بار کہتا،

"اے میرے آقا! اے میرے خدا! کیا ہی اچھا ہوتا۔ اگر میں تجھ سے وعدہ نہ کرتا۔ وعدہ کو پورا کئے بغیر تیرے دربار میں حاضر ہونے کے احساس سے پانی پانی ہو جاتا ہوں۔ افسوس صد افسوس میں نیاز کو راہ راست پر نہیں لا سکا۔"

پھر وہ دیوانہ وار "امید" کو پکارنا شروع کر دیتا ع

جاتی ہے اے امید کہاں دل اجاڑ کر

اطہر اسے تسلی دینے لگا۔ اس نے اسے یاد دلایا کہ کبھی وہ دن تھے کہ جب تکالیف اور مصائب کے مواقع پر تو ہمیں کہا کرتا تھا ع اے ہمت مردانہ راضی برضا ہو جا

آج میں بھی تجھے یہی کہتا ہوں —— مجھے امید ہے کہ تمہارا "صبر ضرور رنگ لائے گا"

★ ★ ★ ★

آنہ میریا (Anna Maria) جو کبھی مسلمان ہوتی تھی جیل کی طرف سے محمود کو کھانا دینے آیا کرتی تھی۔ گو مذہباً عیسائی ہو چکی تھی۔ لیکن اسلامی اثرات کے تحت ابھی تک پردہ

کی پابند تھی۔ وہ گزشتہ تین ماہ سے برابر یہ درد بھری داستان سنتی رہی تھی لیکن اسکے پتھر دل نے محمود کی حالت پر کبھی ترس نہ کھایا مگر آج تو وہ بھی بے اختیار ہو گئی ع

دشمن بھی چیخ اٹھا بے اختیار رو دیا

اس نے اپنے دل میں پختہ عہد کیا کہ جس طرح بھی ہو سکا وہ نیاز سے کل سے پہلے پہلے یہ تمام ماجرا کہہ سنائے گی چنانچہ اسی شام اس نے نیاز سے یہ تمام داستانِ درد و غم بیان کر دی۔ اس کے طرزِ بیان میں کچھ ایسا درد سمویا ہوا تھا کہ نیاز کا دل پسیج کر رہ گیا اور اس کی آنکھیں ڈبڈبا آئیں۔ آنسہ نے کہا کہ اگر نظارہ بچشم خود دیکھنا چاہتے ہو تو میرا برقعہ حاضر ہے۔ محمود کو کل کھانا کھلانے جانا۔ تجھ پر یہ بات اچھی طرح کھل جائیگی کہ تو جسے ایک حقیقت سمجھتا تھا وہ ایک دجل ہے ایک حسین فریب، ایک سحر آفریں دھوکہ اور بس۔

* * * *

اگلے روز صبح، دوپہر، اور شام کا کھانا آنسہ کی بجائے نیاز نے محمود کو کھلایا۔ نیاز کی خاطر محمود کے دل میں کس قدر درد اور ہمدردی موجزن تھی۔ اب یہ کوئی راز نہ تھا بلکہ ایک واضح حقیقت تھی۔

جب وہ شام کا کھانا لایا تو محمود نمازِ مغرب کی ادائیگی میں مشغول تھا۔ نیاز اس سے قبل ظہر کے وقت ایک عجیب نظارہ دیکھ چکا تھا۔ وہ خاموشی سے جیل کے دروازے کے ساتھ لگ گیا۔ اور محمود کی راز و نیاز کی باتیں سننے لگا۔ وہ کافی دیر دعائیں کرتا رہا۔ جب درد و کرب میں ڈوبے ہوئے یہ کلمات اختتام کو پہنچ رہے تھے۔ تب محمود نے اپنی جیل کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔

"اے زندانِ محمود گواہ رہنا کہ محمود نے دوستی کا حق اپنی ہمت سے بڑھ کر ادا کیا اور تو گواہی دینا کہ نیاز بے وفا نکلا۔ اور اس نے محمود کے نیک جذبات کو ٹھکرا دیا۔ اور اے زندانِ محمود کے در و دیوار! تم بھی گواہ رہنا کہ تم نے میری شبانہ روز آہ و بکا سنی ہے۔ کیا تمہیں کبھی یہ شک گزرا۔ کہ میں نے نیاز کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا تھا...... میں اس تکلیف سے معافی چاہتا ہوں جو تم نے میرے دن رات نالوں کے باعث اٹھائی۔ مجھے امید ہے کہ تم حق رکھتے ہوئے بھی ایسی سنگدلی کا مظاہرہ نہیں کرو گے۔ جس کا نیاز نے ناحق میں کیا۔"

محمود کی ہچکی بندھ چکی تھی۔ نیاز اگرچہ یہ الفاظ سن کر گھائل ہو رہا تھا۔ مگر اس نے یہی مناسب سمجھا کہ اپنے آپ کو راز میں رکھے۔ ایک لمحہ بہرحال ایسا بھی آیا۔ جبکہ نیاز کا دل چاہا کہ وہ اپنے مخلص ترین دوست محمود کے ساتھ لپٹ کر زار و قطار رو دے اور اس کا شریکِ غم بنے۔ دلفگار محمود کا قلب ناتواں ان گنت زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ڈوبا جا رہا تھا ——— نیاز کا پیمانۂ صبر چھلکا ہی چاہتا تھا۔ کہ محمود کی آہ و فغاں قدرے کم ہوئی۔ کھانا کھلا کر نیاز شہر واپس ہوا۔

* * * *

جیل سے رہا ہو کر محمود نائجیریا یونیورسٹی منتقل ہو چکا تھا۔ دشمن کے گھر پر پھر یاس کے بادل چھانے لگے۔ لیکن محمود دشمن کی طرح سنگدل نہ تھا۔ اسے تو دشمنوں کو بھی دوست بنانا تھا ——— جب دشمنوں کو اپنے کئے پر نادم پایا تو سب کو معاف کر دیا۔

نیاز کا غم البتہ اب بھی اس کے دامنگیر تھا۔ وہ اس کی رہائی سے دو روز پہلے ہی غائب ہو گیا تھا۔ محمود کے صاف دل میں بھلا بغض اور کینہ کہاں۔ وہ تو ایک لمحہ کے لئے بھی نیاز کا تعلیمی حرج نہ دیکھ سکتا تھا۔ وہ تو ہر مسلمان طالب علم کے لئے یہ خواہش

(باقی دیکھیں ص ۱۹ پر)

انعام اللہ ہاشمی
ف۔ اے سال اول

ناقابلِ فراموش

